Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 | بدھ ،11 ستمبر 2024ء ، 6 ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 161

40 سالہ ترقی کو 4 سال میں تباہ و برباد کر دیا

وزیر اعلیٰ پنجاب

بچا اور یکسو ہو کر مشترکہ کاوشیں کرنی چاہیے، ایک ایک دن قیمتی ہے، پانچ سال عوام کی خدمت کے لئے کم ہیں، پانچ سال میں کوئی اتنی سکیسیں نہیں لا سکتا جو چھ ماہ میں ہم کر چکے ہیں،

وزیر اعلیٰ مریم نواز نے صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز و اتھارٹی سیکرٹریز کی ملاقات، پانچ سالہ وژن ڈاکومنٹ طلب کر لیا، وزیر اعلیٰ مریم اور شریف کی محکمانہ میٹنگ میں متعلقہ پارلیمانی سیکرٹری کو مدعو کرنے کی ہدایت

صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز اور اتھارٹی سیکرٹریز نے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پارلیمانی سیکرٹریز سے پانچ سالہ وژن ڈاکومنٹ طلب کر لیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے محکمانہ میٹنگ میں متعلقہ پارلیمانی سیکرٹری کو مدعو کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پارلیمانی سیکرٹریز کی میٹنگ سے گلیڈی خطاب کرتے (بقیہ نمبر 1)

گرفتار پی ٹی آئی ارکان کے پروڈکشن آڈر جاری کر دیے

نہ آپ پارلیمنٹ ہاؤس سے کسی کو گرفتار کر سکتے ہیں، نہ پارلیمنٹ لاجز سے

گرفتار پارلیمنٹیرینز کو فوراً رہا کیا جائے، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے گرفتار پی ٹی آئی ارکان کے پروڈکشن آڈر جاری کر دیے۔ ایاز صادق نے تمام سیاسی جماعتوں کے قیادت کو اسپیکر چیمبر میں طلب کیا۔ اس موقع پر اسپیکر ایاز صادق نے آئی جی اسلام آباد کو طلب کر کے (بقیہ نمبر 2)

ملاوٹ مافیا کے خلاف قانونی شکنجہ تیار

آٹا، چینی، گھی، دودھ، پانی، چائے پتی اور مصالحہ جات میں ملاوٹ کرنے والوں سے اپنی ناموں سے نمٹا جائے گا

کوٹہ (این این آئی) پنجاب کے بڑے سٹیک ہولڈرز، ملاوٹ زدہ مافیا اور مضاع خوروں کے خلاف شکنجہ تیار کر لیا گیا۔ ملاوٹ مافیا زیر سی قانون دستاویز نے حاصل کر لیں، دستاویز کے مطابق آٹا، چینی، گھی، دودھ، پانی، چائے پتی (بقیہ نمبر 5)

بجلی اور توانائی کے شعبے کی تنظیم نو بارے پر عزم ہیں

وزیر اعظم کے وژن کے مطابق تین ڈسکوز کی نجکاری کے عمل کا آغاز کر دیا گیا ہے، سینیٹر محمد اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے بجلی اور توانائی کے شعبے کی تنظیم نو کے حوالے سے خوشی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم کے وژن کے مطابق تین ڈسکوز کی نجکاری کے عمل (بقیہ نمبر 4)

اختلاف رائے کا سب کو حق حاصل ہے، رانا تنویر

پارلیمنٹ اور آئین کے تقدس کی بات کرنے والوں نے جمہوریت اور ملک کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ اختلاف رائے کا سب کو حق حاصل ہے مگر یہ بات قابل قبول نہیں کہ میں ہوں تو پاکستان ہے، پارلیمنٹ اور آئین کے تقدس کی (بقیہ نمبر 3)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نگر زراعت کے سی ایم انسٹیٹیوٹ سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پنشن ایک بم کی شکل اختیار کر چکی ہے اسے روکنا ہوگا، وزیر خزانہ

پنشن اصلاحات پر قانون سازی کریں گے

زراعت کے شعبہ کا اکنامی میں بہت اہم کردار ہے، زراعت فنانس کو بڑھانا ہے، لائیو اسٹاک اور ڈیری میں بھی فوکس کریں گے، محمد اورنگزیب خان

جو مقدمہ سندھ کا ہے، وہی پاکستان کا مقدمہ ہے، اس میں کوئی تفریق نہیں کی جا رہی ہے، قانون سازی پارلیمنٹ کا حق ہے، مصدق ملک

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پنشن ایک بم کی شکل اختیار کر چکی ہے۔ زراعت کے شعبہ کا اکنامی میں بہت اہم کردار ہے، زراعت فنانس کو بڑھانا ہے، لائیو اسٹاک اور ڈیری میں بھی فوکس کریں گے۔ منگل کو سینٹ کا اجلاس ڈپٹی چیئرمین سید سلیم خان کی زیر صدارت ہوا اجلاس سے خطرے ہوئے تی پی آئی ارکین سینیٹ (بقیہ نمبر 1)

کینیڈا میں پاکستانی نوجوان گرفتار، خطرناک الزام لگ گیا

ٹورنٹو (آئی پی آئی) کینیڈا میں ٹیم 20 سالہ پاکستانی نوجوان محمد شاہ زیب خان کو اکاصم تھیم کی مدد کرنے کی کوشش کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا۔ امریکی میڈیا محمد شاہ (بقیہ نمبر 7)

پاکستان چھوڑنے والے افغان باشندوں کی تعداد 7 لاکھ سے متجاوز

7 ہزار 843 مرد اور 6 ہزار 12 خواتین کے علاوہ 7 ہزار 338 بچے بھی شامل ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان چھوڑنے والے افغان باشندوں کی تعداد 7 لاکھ سے متجاوز کر گئی۔ پاکستان میں غیر قانونی طور پر رہنے والے افغان باشندوں (بقیہ نمبر 6)

سپیکر سردار ایاز صادق سے پارلیمانی جماعتوں کے رہنماؤں کی ملاقات

ملاقات میں اراکین قومی اسمبلی کی پارلیمنٹ سے گرفتاریوں کے حوالے سے تبادلہ خیال، تمام رہنماؤں کا کل رات کے واقع کی مذمت

تمام جماعتوں کا ایسے معاملات سے نمٹنے کے لیے مکمل ضابطہ کار بنانے پر بھی اتفاق، کل رات کے واقع پر دلی انتہائی رنجیدہ ہے، سپیکر سردار ایاز صادق

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر سردار ایاز صادق نے قومی اسمبلی کی پارلیمنٹ سے گرفتاریوں کے حوالے سے تبادلہ خیال، تمام رہنماؤں کا کل رات کے واقع کی مذمت اور اسپیکر سردار ایاز کے رہنماؤں/ اراکین کی ملاقات ملاقات میں اراکین قومی اسمبلی کی پارلیمنٹ سے گرفتاریوں کے حوالے سے تبادلہ خیال، تمام رہنماؤں کا کل رات کے واقع کی مذمت اور اسپیکر سردار ایاز صادق سے سخت سے سخت ایکشن لینے کی استدعا اسپیکر سردار ایاز صادق کا معاملے کو تمام جماعتوں کے ساتھ حل کر حل (بقیہ نمبر 2)

وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی ڈاکٹر خالد محمود، ڈائریکٹر اثاثہ جات، ڈاکٹر ذوالہ منیر عامر مولانا ظفر لوکان کے بارے میں ممتاز محقق محمد "مسیح کا ستارہ" پیش کر رہے ہیں

اسپیکر قومی اسمبلی کی بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی برسی پر پیغام

قائداعظم کے رہنما اصول ایمان، اتحاد اور تنظیم پر عمل پیرا ہو کر ملک کو درپیش چیلنجز سے نکالا جا سکتا ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

قائداعظم کی بدولت، اصول پسند اور دور اندیش قیادت کی بدولت برصغیر کے مسلمانوں کیلئے آزاد ریاست کا خواب شرمندہ تعبیر ہو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی 76 ویں برسی کے موقع پر برصغیر کے مسلمانوں کیلئے الگ ملک کا خواب پیش کیا۔ اسپیکر نے کہا کہ قائداعظم کی بدولت کیلئے قائداعظم محمد علی جناح کی بصیرت، قائدانہ صلاحیتوں اور انتھک جدوجہد کو خراج عقیدت برصغیر کے مسلمانوں (بقیہ نمبر 8)

ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن کیس: پرویز الٰہی کی حاضری معافی کی درخواست منظور

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کی ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن کیس میں ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کر لی گئی۔ لاہور کی احتساب عدالت میں پی ٹی آئی رہنما چودھری پرویز الٰہی کیخلاف ترقیاتی منصوبوں میں اربوں روپے کی

صوبائی وزیر ثقافت سید ناصر حسین شاہ و ڈی ای ای پی ٹی ٹی ٹی ٹی میں ایک سٹال کا جائزہ لے رہے ہیں

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور UNFPA کے زیر اہتمام دو روزہ ورکشاپ

"خاندانی منصوبہ بندی کے تخمینے کے ٹولز کا انعقاد

ورکشاپ میں ایڈیشنل سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر ڈاکٹر نائیلہ، ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن شمن رائے، UNFPA کے عہدیداران و دیگر کی شرکت

"خاندانی منصوبہ بندی کے تخمینے کے ٹولز FPET "ٹریننگ کا مقصد افسران کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہے

خاندانی منصوبہ بندی کے تخمینے کے آلات پر باقاعدہ ورکشاپ کا انعقاد ایک بہترین اقدام

اقوام متحدہ کا ادارہ آبادی میں اضافے کو کنٹرول اور تولیدی صحت کو بہتر بنانے کے لیے حکومت پنجاب کی حمایت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے

آبادی کے چیلنجوں پر قابو پانے کے لیے تجربہ کار ٹرینرز کو ورکشاپ کے ذریعے ضروری مہارتوں سے آراستہ کیا گیا

ٹرینڈ افسران طویل المدتی منصوبہ کی تیاری، واضح اہداف، مقاصد، اور صلاحیت کو بڑھانے کیلئے حکمت عملیوں کا خاکہ پیش کریں گے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور UNFPA کے زیر اہتمام دو روزہ ورکشاپ "خاندانی منصوبہ بندی کے تخمینے کے ٹولز FPET" کا انعقاد مومتاقی ہوٹل میں ہوا۔ ٹریننگ کا مقصد افسران کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہے۔ ورکشاپ میں ایڈیشنل سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر ڈاکٹر نائیلہ، ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن شمن رائے، UNFPA کے عہدیداران و دیگر محکموں کے افسران (بقیہ نمبر 9)

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور UNFPA کے زیر اہتمام دو روزہ ورکشاپ "خاندانی منصوبہ بندی کے تخمینے کے ٹولز" کے انعقاد کے موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر ڈاکٹر نائیلہ، ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن شمن رائے کا شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاکستان کو پہلی جنیوا ڈونرز سے فنڈنگ نہ ملنے کا خدشہ

سیلاب کے دوران

رواں مالی سال کیلئے جنیوا ڈونرز کانفرنس کے تحت 1.26 ارب ڈالر فنانسنگ کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

رواں مالی سال اسلامک ڈویلپمنٹ بینک سے آئل فنانسنگ کیلئے بھی 50 کروڑ ڈالر مزید ملیں گے

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے سندھ اسمبلی کے اجلاس کے دوران خواتین ممبران ملاقات کر رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) 28 کروڑ ڈالر ہدف کی نسبت جنگلی سیلاب کے دوران جنیوا ڈونرز سے پاکستان کو فنڈنگ نہ ملنے کا خدشہ ہے۔ ذرائع کے مطابق رواں مالی سال جولائی سے نکراب تک سیلاب سے ریکوری و تعمیر کی کاموں کیلئے کوئی فنڈنگ نہیں ملی، رواں مالی سال کیلئے جنیوا ڈونرز کانفرنس کے تحت 1.26 ارب ڈالر فنانسنگ کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ دستاویز کے مطابق بنگلہ پی ٹی وی ان تصویروں کیلئے پلاٹ نہ ہونا بھی فنڈنگ میں رکاوٹ ہے، حوالہ کی تاخیر سیلاب سے ریکوری کیلئے عالمی بینک سے 8 کروڑ 60 لاکھ ڈالر ملنے کا تخمینہ ہے۔ دستاویز میں کہا گیا ہے کہ (بقیہ نمبر 10)

وزیر اعلیٰ کے پی کی علی امین گنڈا پور کے خلاف مقدمہ درج

مقدمہ جلسہ ضوابط کی خلاف ورزی اور ریاست مخالف تقاریر پر درج کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کیخلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ علی امین گنڈا پور کیخلاف مقدمہ اسلام آباد کے تھانہ سنگجانی میں درج کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کیخلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق مقدمہ جلسہ ضوابط کی خلاف ورزی اور ریاست مخالف تقاریر پر درج کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق مقدمے میں شقوں مقدمہ اسلام آباد کے تھانہ سنگجانی میں درج کیا گیا انتظامیہ کے افسر (بقیہ نمبر 2)

موسمیاتی پیشگوئیوں کیلئے جدید ریڈار خریدنے کا فیصلہ

ملک کے مختلف حصوں میں 300 آٹومیٹک ویدر اسٹیشنز کی تنصیب بھی کی جائیگی

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے موسمیاتی پیش گوئیوں کیلئے جدید ریڈار خریدنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل محکمہ موسمیات صاحبزادہ خان کے مطابق 5 گلسٹر ریڈار ملک کے مختلف حصوں میں لگائے جائیں گے جبکہ محکمہ موسمیات 3 پورٹیبل سرویلنس ریڈار بھی خریدے گا۔ ڈائریکٹر جنرل محکمہ موسمیات صاحبزادہ خان کے مطابق 5 گلسٹر ریڈار ملک (بقیہ نمبر 3)

ایک شخص اردو بازار میں جشن عید میلاد النبی کی مناسبت سے سجاوٹ کے لئے لائٹس خرید رہا ہے

عظمیٰ بخاری ایف آئی اے کو تفتیش مکمل کرنے کی مہلت دیدی

فیک ویڈیو کیس

ہماری سوسائٹی میں یہ المیہ ہے، ہماری باتوں سے پتہ چل جاتا ہے ہم کتنے پڑھے لکھے ہیں، چیف جسٹس کے ریمارکس

ہمیں جس سے نفرت ہے اس کی ویڈیو بناتے ہیں، ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہم پھر تفتیش نہیں کرتے یہ سچ ہے یا جھوٹ، بس شروع ہو جاتے ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی فیک ویڈیو کے خلاف دائر درخواست پر ایف آئی اے کو تفتیش مکمل کرنے کی مہلت دیتے ہوئے سماعت 18 ستمبر تک ملتوی کر دی بنچ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے جسٹس سمن عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ ہماری سوسائٹی میں یہ المیہ ہے، ہماری باتوں سے پتہ چل جاتا ہے ہم کتنے پڑھے لکھے ہیں، ہمیں جس سے (بقیہ نمبر 2)

گنڈا پور نے 15 دن کی بڑھک ماری تھی، ایک دن گزر گیا ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ کیپٹل انٹرنیشنل ایئرپورٹ نے 15 دن کی بڑھک ماری تھی، ایک دن گزر گیا ہے۔ خواجہ آصف نے اپنے بیان میں کہا کہ سنا ہے انہوں نے فلٹر لگا کر آنا تھا مارے پہلے دن ہی چھپ گئے؟ وزیر دفاع خواجہ آصف نے طنزیہ کہا کہ

المواصی کیمپ پر اسرائیلی بمباری سے 40 فلسطینی شہید

غزہ (آئی آئی پی) غزہ میں خیمہ بستی پر اسرائیلی حملے میں مزید 40 فلسطینی افراد شہید ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ اسرائیلی فوج نے آب کی بارغزہ کے المواصی کیمپ کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں مزید 40 فلسطینی شہید اور 60 زخمی ہو گئے۔ (بقیہ نمبر 4)

امارات کی شہزادی شیخہ مہرہ نے "طلاق" پر فیوم متعارف کروا دیا

دبئی (آئی آئی پی) متحدہ عرب امارات کے نائب صدر اور وزیر اعظم شیخ محمد بن راشد المکتوم کی صاحبزادی شیخہ مہرہ المکتوم نے شوہر سے طلاق کے چند ہفتوں بعد طلاق کے نام سے پرفیوم متعارف کروا دیا۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق 30 سالہ شہزادی شیخہ مہرہ المکتوم نے انسٹاگرام پر اپنے نئے (بقیہ نمبر 5)

وزیر اعلیٰ کے پی علی امین گنڈا پور کے خلاف تقاریر پر مقدمہ درج

30 ستمبر تک انتظار کریں، دیکھیں کہ آسمان کیسے کیسے سیاسی رنگ بدلتا ہے، شیخ رشید

اسلام آباد (اے ایف پی) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کے اندر سے گرفتاریاں نامناسب ہیں۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید احمد کا کہنا تھا (بقیہ نمبر 7)

پارلیمنٹ کے اندر سے گرفتاریاں نامناسب ہیں، شیخ رشید

وزیر اعلیٰ کے پی علی امین گنڈا پور کے خلاف مقدمہ درج

عدالت راولپنڈی میں 27 ریفرنسز غیر موثر

احتساب عدالت راولپنڈی میں زیر سماعت ریفرنسز کی تعداد 3 رہ گئی

راولپنڈی (اے ایف پی) نیب ترامیم بحالی کے سلسلے میں اتوار کو رات اپیل منظور ہونے کے بعد احتساب عدالت میں 27 ریفرنسز غیر موثر ہو گئے۔ سپریم کورٹ میں نیب ترامیم کیس عدالت راولپنڈی میں (بقیہ نمبر 7)

نیب ترامیم بحالی، احتساب عدالت راولپنڈی میں 27 ریفرنسز غیر موثر

پنجاب اسمبلی کی کارروائی کو ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ، ممبران سے تجاویز طلب

ڈیجیٹل اسٹوڈیو، پوڈ کاسٹ کا سسٹم کی تجاویز دیدی گئیں، آرکائیو ڈیٹا بھی محفوظ بنایا جائیگا

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احسان نے پنجاب اسمبلی کی کارروائی کو ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ کر لیا جس کے لیے ممبران سے تجاویز بھی لی گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق اراکین اسمبلی کی جانب سے پنجاب اسمبلی میں ڈیجیٹل اسٹوڈیو قائم کرنے (بقیہ نمبر 8)

ایک کیمیکل لمبرا آرٹس کونسل میں منعقد فن پاروں کی نمائش دیکھ رہی ہے

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
بانی کامریڈ حسین بخش اعوان، ایڈیٹر کامریڈ فیصل بیگ

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

ملک بھر میں انسداد پولیو مہم کا آغاز

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے خصوصی پولیو مہم کا آغاز کردیا۔ اس سلسلہ میں منعقدہ تقریب میں وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے صحت ڈاکٹر مختار بھرتھ، انسداد پولیو کیلئے وزیراعظم کی نمائندہ خصوصی عائشہ رضا فاروق، ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن، یونیسف، گیٹس فاؤنڈیشن اور اقوام متحدہ کے نمائندوں کے ساتھ ساتھ متعلقہ اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔ ملک گیر خصوصی انسداد پولیو مہم کے آغاز کی تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم محمد شہباز نے کہا کہ ملک بھر کے 115 اضلاع میں پولیو مہم کا آغاز کردیا گیا ہے جس میں پانچ سال سے کم عمر کے 3 کروڑ بچوں کو اس موذی مرض سے بچا کی ویکسین دی جائے گی۔ والدین بچوں کے محفوظ مستقبل کیلئے پولیو ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں۔

پولیو ایک لاعلاج مرض ہے' اس مرض سے متاثرہ افراد اپاچ ہو کر صرف محتاجی کی زندگی بسر نہیں کرتے بلکہ وہ اپنے خاندان اور معاشرے پر بھی بوجھ بن جاتے ہیں۔ پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین پلا کر اس مرض سے بچایا جاسکتا ہے۔ مگر بدقسمتی سے اس وقت پاکستان پولیو ویکسین مخالف مہم کی گرفت میں ہے۔ انسداد پولیو مہم کو ناکام بنانے میں جہاں والدین کی غفلت' لاپرواہی اور لاعلمی سامنے آئی ہے' وہیں کئی ملک دشمن عناصر بھی اس مہم کو ناکام بنانے میں سرگرم ہیں۔ بالخصوص پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں ایسے عناصر پولیو مہم کو آسانی سے ناکام بنا رہے ہیں۔ 2018 میں باجوڑ کے ضلع میں پولیو وائرس کا بھرپور حملہ ہوا' تحقیقات سے پتہ چلا کہ پولیو ویکسین کے حوالے سے والدین میں پائی جانے والی تشویش کے باعث انہوں نے اپنے بچوں کو پولیو قطرے پلانے سے انکار کردیا تھا جس کی وجہ سے اس مرض میں اضافہ ہوا۔ اسکے علاوہ پولیو ٹیموں پر حملے بھی اس مرض میں اضافے کا باعث بن رہے ہیں۔ بے شک حکومت پولیو کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے لیکن جب تک اس ویکسین کے حوالے سے عوام میں پائی جانیوالی تشویش دور نہیں کی جاتی' پاکستان کو پولیو فری بنانے کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ شمالی علاقہ جات سمیت' گاں اور دیہات میں عوام کیلئے آگاہی پروگرام اور سیمینارز کا انعقاد کیا جائے' گھر گھر پمفلٹ تقسیم کئے جائیں تاکہ جن والدین میں پولیو ویکسین کے حوالے سے کسی قسم کے تحفظات پائے جاتے ہیں' انہیں دور کیا جاسکے۔

زیارت سے کراچی تک

شریف فاروق

بریگیڈیئر (ر) نورحسین کو پاکستان کے باخبر حلقوں میں ممتاز مقام حاصل رہا وہ اول سے لے کر آخر تک قائداعظم کے اے ڈی سی رہے۔ ان کا کہنا تھا:

جب قائداعظم، مسٹر مرگ پر حق ذیالات علی خان، چودھری محمد علی کے ہمراہ تشریف لائے اور بڑی تفصیل ملاقات کی۔ اس ملاقات میں انہوں نے مشیر سیت دوسری وجایات کے علاوہ یہ بھی ارشاد فرمایا کہ ان کا جنازہ علامہ شبیر احمد عثمانی پڑھائیں۔ انہوں نے ان تمام افواہوں کو بے بنیاد قرار دیا کہ قائداعظم کی کوئٹہ سے آمد اور ماڑی پور کے ہوائی اڈے پر ایک ایمبولینس پہنچنے اور ایک دس ام کا سارنگی ہاتھ تھا۔ اس ناقابل تصور سانحہ کے بارے میں قائداعظم کی بہن مادرملت فاطمہ جناح کیا کہتی ہیں ذرا سن لیجئے:

فرزلاں تم تو واقف ہو کیو بھوں کے مرنے کی

دیوانہ مرگیا آخر کو ویرانے پر کیا گزری؟

زیارت روانگی سے لے کر کراچی آمدتک بانی پاکستان کے ساتھ محترمہ فاطمہ جناح موجود تھیں وہ اپنے بھائی کے اس آخری سفر کے متعلق اپنی تالیف ابھائی میں لکھتی ہیں:

تقریباً دو گھنٹے کی پرواز کے بعد ہم سہ پہر، سوا چار بجے کراچی کے ماڑی پور ایئرپورٹ پر اترے یعنی ایک برس قبل قائداعوالی جہاز سے اترے تھے لاتعالی پر امید اور پرامنا تھے کہ وہ پاکستان کو ایک عظیم قوم بنا دیں گے۔ تب ان کے استقبال کے لئے ہزاروں لوگ ایئرپورٹ پر امڈ آئے تھے جن میں وزیراعظم وزارت خارجہ شامل تھے مگر اس روز جیسے کہ پہلے بھی وجایت کی جا چکی تھی ایئرپورٹ پر کوئی بھی نہیں آیا تھا جب ہم طیارے سے باہر نکلے تو ہمارا استقبال کرنے والا پہلا شخص گورنر جنرل کا ملٹری سیکرٹری کرنل خطر نے لوٹرتھا۔

قائداعظم ٹریکر پر لٹا کر ایک ملٹری ایمبولینس تک لے جایا گیا جو انہیں گورنر جنرل ہاس لے جانے کے لئے ہوائی اڈے پر پہلے ہی سے تیار کھڑی تھی سنڑ ڈاہم نہام اور میں قائداعظم کے ساتھ اسی ایمبولینس میں بیٹھ گئیں ایمبولینس اپنی آہستگی سے چل رہی تھی ہمارے ساتھ آنے والے دوسرے لوگ کاروں کے ذریعے ایئرپورٹ سے روانہ ہوگئے ڈاکٹر الٰہی بخش، ڈاکٹر مستری اور گورنر جنرل کا ملٹری سیکرٹری ایمبولینس کے پیچھے گورنر جنرل کی کیڈلک کار میں آرہے تھے۔

تقریباً چار میل کا فاصلہ طے کرنے کے بعد ایمبولینس کے انجن نے چلنے کی جیسے کھانس رہا ہو یا سانس لینے کی کوشش کررہا ہو اور اس کے بعد وہ اچانک بند ہوگیا تقریباً پانچ منٹ بعد میں ایمبولینس سے باہر نکلی تو مجھے بتایا گیا کہ ایمبولینس میں پٹرول ختم ہوگیا ہے ڈرائیور نے بے چینی کے عالم میں انجن کو دیکھنا بھالنا شروع کردیا مگر وہ ساٹ نہ ہوسکا جب میں دوبارہ ایمبولینس میں داخل ہوئی تو قائداعظم ہاتھ میں آہستہ سے حرکت پیدا ہوئی اور ان کی آنکھوں نے انتہائی ممنونیت ہم میں دیکھا میں نے پیچ جبکہ کرنال سے کہا ایمبولینس کا انجن شروع ہوگیا ہے انہوں نے آنکھیں بند کرلیں۔

عام طور پر کراچی میں تیز سمندری ہوائیں چلتی رہتی ہیں جن کے باعث درجہ حرارت کم رہتا ہے اور گرم موسم کی شدت کم ہوجاتی ہے مگر اس روز سمندری ہوائیں نہیں چل رہی تھیں اور گرمی ناقابل برداشت تھی اس تکلیف دہ موسمی صورتحال پر مستزاد شیشوں کھلیاں تھیں جو ان کے چہرے کے اردگرد منڈلا رہی تھی اور ان میں اتنی طاقت نہیں رہی تھی کہ وہ اپنا ہاتھ ان کے حملے سے بچنے کے لیے اٹھا سکیں۔ سنڑ ڈاہم نہام اور میں دوسری ایمبولینس کے آنے کے انتظار میں باری باری ان کے چہرے پر پنکھا جھلتی رہی ہر منٹ سوہان روح تھا قائداعظم کو کیڈلک کار میں منتقل نہیں کیا جاسکتا تھا کیونکہ وہ اتنی بڑی نہیں تھی کہ اس میں سٹریچر رکھا جا سکتا اور یوں ہم انتظار کرتے رہے اس امید پر کہ ..... اس جگہ کے آس پاس مہاجرین کی بستیوں میں ہنگامی طبی جوراں بات سے بے خبر ایک کام میں مشغول تھے کہ ان کے قائداعظم جنہوں نے انہیں ایک دلیں دیا ان کے عین درمیان ایک ایمبولینس میں بے یار ومددگار پڑے ہے جس کا بٹیرل ختم ہوگیا تھا کاریں اپنے رانتے پر گامزن تھیں۔ بسیں اور ٹرک چیختے دھاڑتے اپنی اپنی منزلوں کی جانب رواں دواں تھے مگر ہم وہاں ایک ایسی کیبر متحرک ایمبولینس میں تھے جو ایک اپج آگے بڑھنے کے بھی قابل نہیں رہی تھی اور اس کے اندر ایک جیتی زندگی قطرہ قطرہ اور سانس بہ سانس انقام کی جانب گامزن تھی۔

ہم نے وہاں ایک گھنٹے سے بھی زیادہ وہ تک انتظار کیا میری پوری زندگی میں کوئی گھنٹہ ایک ایک گھنٹے سے زیادہ طویل اور کربناک نہیں گزرا پھر ایک دوسری ایمبولینس آئی اور ہم سٹریچر پر دوسری ایمبولینس میں منتقل کیا گیا اور یوں ہم بالآخر گورنر جنرل ہاس کے لئے روانہ ہوئے۔ جب انہیں نہایت آرام سے ان کے بستر پر لٹایا گیا تو ڈاکٹر الٰہی بخش کی گھڑی کے مطابق ہمیں ماڑی پور ایئرپورٹ پر اترے دو گھنٹے سے بھی زیادہ وقت گزر چکا تھا۔ دو گھنٹے کوئٹہ سے کراچی پہنچنے میں لگے اور دو گھنٹے ماڑی پور ایئرپورٹ سے گورنر جنرل ہاس تک پہنچنے میں صرف ہوئے۔

ڈاکٹروں نے ان کا معائنہ کیا اور کہا کہ ہوائی سفر اور ایمبولینس کے تکلیف دہ واقعہ کے باوجود ان کی صحت پر کوئی برے اثرات مرتب نہیں ہوئے۔ وہ جلد ہی گہری نیند سو گئے اور ڈاکٹر یہ کہتے ہوئے گورنر جنرل ہاس سے چلے گئے کہ وہ جلد ہی واپس آجائیں گے۔ اب میں اپنے بھائی کے پاس خاموشی جو گہری نیند سو رہے تھے۔ میں نے دھیانی طور پر محسوس کیا کہ ان کی پرسکون نیند شاید کسی زیادہ ظمایاں اس کا ماتھ سرد ہوگئے ہے پسلے زیادہ ظمایاں اس بھر پور ہوا آرہا تھا۔ خاموشی کے اس عالم میں میرا ذہن ان کے ساتھ باتیں کر رہا تھا۔ کاش ایسا ہو سکے کہ ڈاکٹر ہمارے اتنا ہم خون نکال کر آپ کے جسم میں داخل کردیں تاکہ آپ زندہ رہ سکیں۔ اس دوران وہ کسی خلل کے بغیر تقریباً دو گھنٹے تک سوتے رہے پھر انہوں نے آنکھیں کھولیں، مجھے دیکھا اور سر اور آنکھوں کے اشارے سے مجھے اپنے پاس بلایا۔ انہوں نے بات کرنے کی آخری کوشش کی اور سرگوشی کے انداز میں کہنے لگے۔ فاطمی، خدا حافظہ، لاالہ الاالہ محمد الرسول اللہ ان کا سر آہستگی سے قدرے دائیں جانب کو ڈھلک گیا۔ ان کی آنکھیں بند ہوگئیں۔

10 جنوری قائداعظم کا حالت غیر ہو رہی تھی کراچی واپسی کا فیصلہ ہوا تو انہوں نے اس حالت میں بھی مجھ سے کہا Have you got any thing Important to show me. کچھ نہیں اس حالت میں بھی مملکت کے امور کے بارے میں حساس جذبات رکھنے دیکھ کر میری آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔ کوئٹہ سے جب ہم روانہ ہوئے تو کراچی پہنچنے کے چند گھنٹے کے بعد ان کی حالت بڑی تشویش ناک ہوگئی۔ میں دم واپسیں تک ان کے ساتھ تھا۔ ڈاکٹر نے تحمل تسلی کی خاطر قائداعظم سے 10:10 پیچے کہا کہ ہمارا آپ زندہ رہیں گے۔ قائداعظم نے کہا نہیں میں زندہ نہیں رہوں گا۔ قائداعظم نے اپنے سفر آخرت کی پیشگوئی کرتے ہوئے کہا اور 15 منٹ کے اندر اندر بلاہے تم موت ہو چکے تھے۔ وہ بہت مطمئن انداز میں فوت ہوئے۔ ان کے چہرے پر وفات کے وقت باوقار سنجیدگی نمایاں تھی۔ (انڈرفٹ امین، ڈان کراچی ستمبر 194911)



جناح کی رتی سے محبت حصول پاکستان جدوجہد میں گم سی گئی

عبدیہ بیزادہ

ساتھی ساتھ ہو تو اہداف کا حصول آسان ہو جاتا ہے۔ شاید اسی لیے کہا جاتا ہے کہ ایک کامیاب سے کامیاب ترین انسان کے لیے بھی تنہائی سی قید سے کم نہیں، ساتھی ساتھ ہو تو دل کے لیے ایسے رازجوئی سے کے سے جانا مشکل ہے آسانی سے کہہ سکتے ہیں۔ رشتہ ازدواج میں بندھے ساتھی ایک دوسرے کا مضبوط سہارا ہوتے ہیں۔ یہ ساتھ زندگی کے کسی موڑ پہ ٹوٹ جائے تو ہاتھ کا خورتھائی کا احساس جگاتا ہے۔ دیکھنے میں لگتا ہے کہ آدمی ساتھی کی بدولت آگے بڑھ گیا ہے، کامیابیاں سمیٹ رہا ہے لیکن ایسے میں بھی وہ خص اندرونی شکست و ریخت سے لڑتا رہتا ہے۔

قائداعظم محمد علی جناح نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک الگ وطن حاصل تو کر لیا لیکن قائداعظم کی نجی زندگی میں شریک حیات کے ساتھ کی کمی غائب رہی۔ قائداعظم نے اپنی زندگی میں دو شادیاں کیں۔ ایک والدین کی پسند بنیکر دوسری اس کی اپنی پسند تھیں، دونوں ہی قائداعظم کی زندگی میں وقات پا گئیں۔

قائداعظم محمد علی جناح اپنی دوسری بیوی رتی جناح سے عمر میں 24 سال بڑے تھے۔ یہ شادی رتی جناح کی خواہش پر ہوئی جبکہ اس شادی کی شرط قائداعظم نے یہ رکھی کہ پہلے وہ مسلمان ہوں۔ اسلام قبول کرنے کی حامی بھرنے سے پہلے رتی جناح نے کئی اسلامی کتب کا مطالعہ کیا اور انھیں پڑھنے کے بعد اسلام قبول کرنے کا فیصلہ کیا۔

بعض مورخین بانی پاکستان، قائداعظم محمد علی جناح کو نہایت مردم بیزار، خشک مزاج اور جذبات سے عاری شخصیت قرار دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک غمرد کے باعث قائداعظم کی شخصیت میں یہ خامیاں پیدا ہوئیں۔ یہ اندازہ غلط ہے۔ قائداعظم فضول باتوں اور کاموں کو وقت کا ضیاع سمجھتے تھے اور تقریبات میں جانے سے پرہیز کرتے۔ مزید براں ایک وکیل اور سیاست دان ہونے کے ناطے وہ اپنائی معروف تھے بھی ہے۔ معروفیت کے باعث جب وہ کسی سے صرف کام کی بات کرتے اور ادھر ادھر کی باتوں سے دور رہتے بلہذا اس طرز قبول کو ان کا غرور فرض کرلیا گیا۔

پھر ایک پارسی لڑکی رتن بائی سے ان کی داستان عشق نے سچائی ابھار کر رتی سے کہ عام انسانوں کی طرح ان کے سینے میں بھی ایک دل ہے دھڑکتا تھا جو سوز کی کرن، کی چنگلے، بچے کے سکھرانے اور حسین لڑکی کی طرح دار ادا سے یہ یوہی متاثر ہوا جیسے سبھی دل ہوتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ انہیوں صدی کے دوسری دہائی میں قائداعظم اور رتن بائی کا عشق ایسا ایجاز انگیز واقعہ تھا جس نے پورے بمبئی کا سوشل و سیاسی حلقوں میں اپنی گہائی، ذہانت، نفاست اور خوبصورتی کے باعث جناح اور رتی بن چکے تھے۔ یہی کافی ہے کہ قائداعظم اپنی نجی معاملات پر بات کرنا ناپسند کرتے تھے۔ اسی عادتی معروفیات کے متعلق کئی ڈائری لیکھی۔ وہ ہر خط کا جواب دینا ضروری سمجھتے تھے مگر ان خطوط میں بھی نجی معاملوں کے غ

بقیہ 1

ہوئے کہا کہ چینی سرمایہ کاروں نے ملاقات میں پنجاب کو مواقعوں سے بھرپور سرزمین قرار دیا ہے۔سیاسی مخالفت کو دشمنی میں بدلنے کے رجحان نے پاکستان کو نقصان پہنچایا۔4 سال نالائقوں کے ہاتھ میں حکومت رہی،40 سالہ ترقی کو 4 سال میں تباہ وبرباد کردیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ شہباز شریف کا ترقی کرتا ہوا پنجاب ملتا تو بہت تیزی سے آگے بڑھتے۔شہباز شریف کے دور میں جو دن رات محنت ہوئی، وہ چند سالوں میں تباہ کردی گئی۔محنت کی ہے لیکن چھ ماہ میں مثالی بہتری کا دعویٰ نہیں کر سکتے۔انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندہ ہوں، عوام کی بہتری کے لئے کبھی چھٹی نہیں کی۔میرا کام سے چھٹی نہ کرنا کسی پر احسان نہیں بلکہ میرا فرض ہے۔جتنا بھی کام کرلوں اپنے کام سے کبھی مطمئن نہیں ہوتی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ باقی باتیں کرتے رہیں، پانچ سال میں کوئی اتنی سکیمیں نہیں لاسکتا جو چھ ماہ میں ہم کر چکے ہیں۔ہماری سکیمیں کاغذی نہیں بلکہ عملی طور پر کام شروع ہو چکا ہے۔ماضی میں حکومتی رویوں کی وجہ سے عوام کا اعتماد کم ہوا، لیکن اب حوصلہ افزاء رسپانس سامنے آرہا ہے۔انہوں نے کہا کہ مہنگائی کم ہورہی ہے پہلے پرائس کا گراف اوپر جاتا تھا اب نیچے جارہا ہے۔آٹا، دودھ اور ضروری اشیاء کے نرخ اب بھی کم ہیں۔پنجاب میں آٹا 800 کے لگ بھگ ہے دیگر صوبوں میں 1400 روپے پہنچ چکا ہے۔پنجاب میں 13-12 اور 14 روپے کی روٹی مل رہی ہے۔باقی صوبوں کا حال آپ جانتے ہیں۔آٹا اور دیگر اشیاء کے نرخ ذاتی ذرائع سے بھی چیک کراتی ہوں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ آفس میں بیٹھ کر سکرین پر اشیائے خوردونوش کے نرخ لائیو چیک کرتی ہوں۔مہنگائی میں کمی، میری اور آپ سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔پنجاب میں کسان کارڈ کی ڈلیوری شروع ہو چکی ہے۔کسان کارڈ کے لئے 8 لاکھ سے زائد لوگوں نے اپلائی کیا۔تقریباً چار لاکھ لوگوں کے لئے کسان کارڈ ایشو ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گرین ٹریکٹر سکیم میں 10 لاکھ روپے سبسڈی بہت بڑا اقدام ہے، کسان کو بھی ریلیف دے رہے ہیں۔اپنی چھت...... اپنا گھر پروگرام کے تحت شہر میں پانچ اور دیہات میں 10 مرلے پلاٹ کے مالکان 15 لاکھ روپے تک قرض لے سکتے ہیں۔15 لاکھ روپے کا قرض 7 سال میں 14 ہزار ماہانہ قسط پر ادا کرنا ہوگا۔پانچ سال میں 5 لاکھ گھر بنانے کا ہدف حاصل کریں گے۔اپنی چھت...... اپنا گھر کا پہلا لون اسی ماہ دینے جارہے ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں 70 لاکھ صارفین کو بجلی بلوں میں دو ماہ تک کا ریلیف دیا ہے۔عوام کی مشکلات کا اندازہ دفاتر میں بیٹھ کر نہیں ہوسکتا، فیلڈ میں جاکر ہی زمینی حقائق کا پتہ چلتا ہے۔پارلیمانی سیکرٹریز اپنے متعلقہ محکموں سے پراجیکٹس کی تفصیلات ضرور حاصل کریں۔انہوں نے کہا کہ سرکاری اور روایتی باتیں نہیں بلکہ اپنی ٹیم سے دل کی بات کر رہی ہوں۔پارلیمانی سیکرٹریز بھی میرے لیے وزراء سے کم حیثیت نہیں رکھتے۔

بقیہ 2

گرفتاریوں پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔انہوں نے آئی جی کو حکم دیا کہ نہ آپ پارلیمنٹ ہاؤس سے کسی کو گرفتار کر سکتے ہیں، نہ پارلیمنٹ لاجز سے، گرفتار پارلیمنٹیرینز کو فوراً رہا کیا جائے۔اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے شیر افضل مروت کی گرفتاری کی فوٹیج بھی دیکھی اور اسلام آباد پولیس کے افسران سے کہا کہ یہ کیا طریقہ تھا کسی پارلیمنٹیرین کو گرفتار کرنے کا؟

بقیہ 3

بات کرنے والوں نے جمہوریت اور پاکستان کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا، ان کے دور میں ادارے کمزور ہوئے، ملکی معیشت کی زبوں حالی کے بھی لوگ ذمہ دار ہیں، اڈیالہ جاکر انہیں اپنے لیڈر کو سمجھانا چاہیے۔منگل کو رکن پی ٹی آئی علی محمد خان کے نکتہ اعتراض کے جواب پر اظہار خیال کرتے ہوئے رانا تنویر حسین نے کہا کہ پارلیمنٹ کے وقار، آئین اور قانون کی باتیں کی جارہی ہیں، ہم سول نافرمانی، پارلیمنٹ اور پی ٹی وی پر حملوں کے وقت کہتے تھے کہ یہ نہ کریں بعد میں آپ بھی اس طرح کی باتیں کریں گے، ہماری ماؤں بہنوں کے ہوسٹل کے کمروں میں گھس کر ان کا تقدس پامال کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور نے مریم نواز کے حوالے سے جو کچھ کہا اس پر کسی نے مذمت نہیں کی، کس طرح پانچ منٹ میں اسمبلیاں تحلیل کی گئیں اس وقت آئین، قانون، جمہوریت اور پارلیمنٹ کا وقار کیا تھا، انہوں نے 9 مئی کا حملہ کرکے کون سی قانون کی عملداری کا مظاہرہ کیا، ماں باپ کو گالیاں دینے کا کلچر انہوں نے شروع کیا، اختلاف رائے کا سب کو حق ہے مگر یہ درست نہیں کہ میں ہوں تو پاکستان ہے۔رانا تنویر حسین نے کہا کہ کبھی بنگلہ دیش اور تاریخ کے حوالے دیئے جاتے ہیں، آج سب کو اس ایوان کی عزت اور تکریم کی بات یاد آرہی ہے، ہم ان سے کہتے تھے کہ آئیں ہمارے ساتھ بیٹھ کر معاملات طے کریں، رانا ثنا اللہ پر 16 کلو ہیروئن جب ڈالی گئی تو ان کے وزیر نے یہاں قرآن اٹھا لیا تھا، میں یہاں بیٹھا تھا تو میرے خلاف ایف آئی آر لاہور میں ہو رہی تھی۔انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ ان سے یہی کہا کہ آئین، پارلیمنٹ اور جمہوریت کے لئے ہمارے ساتھ بات کریں، ہم نے میثاق جمہوریت پر دستخط کئے، نواز شریف نے بانی پی ٹی آئی کے کرین سے گرنے کے بعد ہسپتال جاکر عیادت کی اور دو دن تک اپنی انتخابی مہم ملتوی کی، نواز شریف بنی گالا گئے تو عمران خان نے ان سے کہا کہ ان کی سڑک بنائی جائے، پاکستان کو انہوں نے جہاں پہنچا دیا ہے یہیں رک جائیں تاکہ واپسی کا راستہ اختیار کیا جائے، پوری قوم اس تقسیم کی صورتحال سے پریشان ہے۔رانا تنویر حسین نے کہا کہ انہیں یہ کہنا چاہیے کہ جب تک میری جان میں جان ہے میں آئین اور قانون کے ساتھ ہوں، ہم پارلیمنٹ کی بالادستی چاہتے ہیں، جمہوریت اور پاکستان کو ان لوگوں نے نقصان پہنچایا ہے، ادارے کمزور اور ملک کی معیشت کی زبوں حالی کے یہ ذمہ دار ہیں، یہ جتنے مرضی ہے ڈرامے کرلیں اس سے کچھ نہیں ہوگا، اڈیالہ جاکر اپنے لیڈر کو سمجھائیں۔

بقیہ 4

کا آغاز کر دیا گیا ہے، نجی شعبے کو معیشت کو چلانے کیلئے قائدانہ کردار ادا کرنا چاہئے، حکومت نجی شعبے کو سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔وہ منگل کو یہاں کے الیکٹرک کے چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز مارک سکیلٹن سے ملاقات میں گفتگو کر رہے تھے جس میں کراچی کے رہائشیوں کو سستی اور پائیدار توانائی کی فراہمی یقینی بنانے، کے الیکٹرک کی جانب سے کراچی کی بڑھتی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے اور کمپنی کی قابل تجدید ذرائع کی طرف منتقلی کے منصوبوں کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران جاوید قریشی، مبشر ایچ شیخ، مونس علوی، سی ای او عمران قریشی، چیف ریگولیٹری افیئرز عامر غزنی، چیف فنانشل آفیسر اور وزارت خزانہ کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔کے الیکٹرک کی ٹیم نے کراچی میں بجلی کی قیمت کم کرنے کے لیے اپنے جنریشن مکس میں قابل تجدید ذرائع کو شامل کرنے کے منصوبوں بارے بریفنگ دی۔ٹیم نے وزیر خزانہ کو کراچی کے رہائشیوں کو بہتر خدمات کی فراہمی کے لیے کے الیکٹرک کی جانب سے کیے جانے والے دیگر اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔وزیر خزانہ نے کہا کہ بجلی اور توانائی کے شعبے کی بہتری کیلئے ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر عمل درآمد جاری ہے، ان میں ڈسکوز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تشکیل نو، نجی شعبے سے پیشہ وارانہ مہارت کے حامل افراد کو لانے، بورڈز کی کارکردگی میں بہتری اور مجموعی خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے سرکاری نامزدگیوں کی تعداد کو کم کرنا شامل ہے۔انہوں نے تمام سرکاری ڈسکوز اور جینکوز میں نجی شعبے کی شرکت یقینی بنانے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ وزیراعظم کے وژن کے مطابق تین ڈسکوز کی نجکاری کے عمل کا آغاز کر دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت میں نجی شعبے کا کردار اہمیت کا حامل ہے، نجی شعبے کو فعال بنانے اور اس کو سہولت کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔وزیر خزانہ نے کے الیکٹرک کی جانب سے توانائی کی پیداوار اور ڈسٹری بیوشن کے کاموں میں مزید سرمایہ کاری اور توسیع کے لیے کیے گئے اقدامات کو سراہا۔انہوں نے قابل تجدید ذرائع کی طرف منتقلی اور سستی توانائی کی پیداوار کے لیے کوششوں میں حکومت کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین بھی دلایا۔

بقیہ 5

اور مصالحہ جات میں ملاوٹ کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، ملاوٹ مافیا کو سزا کے لئے سماعتی عدالتوں کو فعال کیا جائے گا۔پنجاب فوڈ اتھارٹی کے قوانین میں ترامیم تیار ہو گئیں جسے وزیراعلیٰ پنجاب کابینہ کمیٹی میں پیش کریں گی۔فوڈ اتھارٹی ایکٹ 2011 میں ترمیم کے تحت اب خوراک میں مصنوعی اجزاء کا استعمال کرنے والے مافیا کیلئے سخت سزا ہوگی، دستاویز کے مطابق وارننگ کے باوجود صحت دشمن عناصر کو جرمانوں کے ساتھ بلیک لسٹ بھی کیا جائے گا۔قوانین میں ترمیم کے بعد ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے اختیارات میں مزید اضافہ کیا جائے گا، ڈی جی فوڈ اتھارٹی بلیک لسٹ فوڈ آپریٹرز کے بزنس کو 6 ماہ سے زائد عرصہ تک سربمہر کرسکے گا۔رجسٹرڈ فوڈ بزنس کے نام پر جعل سازی، پیکنگ وغیرہ کرنے والوں کے خلاف بھی فوجداری مقدمات کا اندراج کیا جائے گا، فوڈ آئٹمز کی درآمد کے وقت بھی فوڈ کے معیار کا جائزہ لیا جائے گا، فوڈ میں شامل اجزاء، تاریخ اجراء، تنسیخ سمیت دیگر کی لیبلنگ کرنا بھی لازمی ہوگا۔

بقیہ 6

کی کل تعداد 7 لاکھ 13 ہزار 46 ہوگئی ہے اور واپسی کا سلسلہ تاحال جاری ہے۔17 اگست سے 9 ستمبر تک پاکستان چھوڑنے والے 21 ہزار 193 افغان باشندوں میں 7 ہزار 843 مرد اور 6 ہزار 12 خواتین کے علاوہ 7 ہزار 338 بچے بھی شامل ہیں۔افغانستان روانگی کے لیے 712 گاڑیوں میں 645 خاندانوں کی اپنے وطن واپسی عمل میں لائی گئی ہے

بقیہ 7

زیب کی گرفتاری کے حوالے سے دعویٰ کرتے ہوئے کہا کہ وہ نیویارک کے یہودی مرکز میں شہریوں کو اجتماعی طور پر نشانہ بنانے کی کوشش کر رہا تھا۔آج نیوز کے مطابق محمد شاہ زیب خان کو شاہ زیب جدون کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، محمد شاہ زیب خان کو نیویارک کی جانب سے شکایت پر کینیڈا میں گرفتار کیا گیا۔شکایت میں کہا گیا کہ شاہ زیب خان نے سوشل میڈیا پر پوسٹ کی اور ایک خفیہ میسجنگ ایپ پر تنظیم کے لیے اپنی حمایت کا اظہار کیا۔اٹارنی جنرل میرک گارلینڈ نے ایک بیان میں دعویٰ کیا کہ محمد شاہ زیب خان نے 7 اکتوبر کے قریب نیویارک شہر میں ایک دہشت گردانہ حملے میں زیادہ سے زیادہ یہودیوں کو قتل کرنے کی منصوبہ بندی بنا رکھی تھی تاہم ایف بی آئی اور کینیڈین حکام کی بروقت کارروائی کے سبب مذکورہ سازش ناکام بنادی گئی۔

بقیہ 8

ل کیلئے آزاد ریاست کا خواب شرمندہ تعبیر ہوا۔انہوں نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی جدوجہد ایک ایسی فلاحی ریاست کا قیام تھا جہاں تمام شہریوں کو مساوی حقوق، معاشی و سماجی انصاف حاصل ہو اور وہ اپنے رسم و رواج اور عقائد کے مطابق مکمل مذہبی آزادی کے ساتھ زندگی بسر کر سکیں۔اسپیکر نے کہا کہ بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی زندگی اصول پسندی، جدو جہد، سیاسی بصیرت، ایمان، اتحاد اور تنظیم کے زریں اصولوں کا عملی نمونہ تھی۔انہوں نے کہا کہ قائداعظم نے ایسی ریاست کے قیام کا خواب دیکھا تھا جہاں کسی کو لسانی، طبقاتی، مذہبی اور عددی بنیادوں پر فوقیت حاصل نا ہو۔اسپیکر نے قائداعظم محمد علی جناح کے رہنما اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس وقت ملک کو جن چیلنجز کا سامنا ہے انہیں بانی پاکستان کے رہنما اصولوں ایمان، اتحاد اور تنظیم پر عمل پیرا ہو کر قابو پایا جا سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کو خراج تحسین پیش کرنے کا بہترین طریقہ ان کے سنہری اصولوں پر عمل پیرا ہو کر ملک خداداد پاکستان کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے انتھک محنت اور جدو جہد کریں۔انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں کو پارٹی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر ملک کو درپیش مسائل کو حل کرنے کیلئے مل کر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔اسپیکر نے اللہ تعالیٰ سے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے درجات کی بلندی اور انکے بتائے ہوئے زریں اصولوں پر عمل پیرا ہونے اور ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے توفیق عطا فرمانے کی دعا کی۔

بقیہ 9

حکام نے بھی شرکت کی۔ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے نے ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اقوام متحدہ کا فیملی پاپولیشن آبادی میں اضافے کو کنٹرول کرنے اور تولیدی صحت کے نتائج کو بہتر بنانے کے لیے حکومت پنجاب کی کوششوں کی حمایت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ 220 ملین سے زائد آبادی کے ساتھ پاکستان دنیا کے سب سے زیادہ آبادی والے ممالک میں سے ایک ہے۔آبادی میں تیزی سے اضافہ ملک کی ترقی کے لیے اہم چیلنجز پیش کرتا ہے، بشمول وسائل، بنیادی ڈھانچے اور صحت کی دیکھ بھال کے نظام پر دباؤ۔ UNFPA ان چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے حکومت پنجاب کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔UNFPA کی سرگرمیاں نہایت اہمیت کی حامل ہیں جس نے ایک تاریخ رقم کی ہے۔یہ ادارہ آبادی کے اعداد و شمار کے تجزیہ اور پالیسی کی ترقی کو مضبوط بنانے کے لیے تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے۔خاندانی منصوبہ بندی اور تولیدی صحت کی خدمات میں معاونت کرنا، خاص طور پر غیر محفوظ علاقوں میں، صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں اور کمیونٹی ورکرز کی صلاحیت کو بڑھانا، آبادی اور تولیدی صحت کے پروگراموں کی مدد کے لیے وسائل اور فنڈز کو متحرک کرنا، تولیدی صحت کی خدمات تک رسائی کو بہتر بنانے کے لیے اختراعی حل، جیسے ڈیجیٹل ہیلتھ ٹیکنالوجیز کا نفاذ کرنا لشامل ہے۔" UNFPA پائیدار آبادی میں اضافے اور تولیدی صحت کے نتائج کو بہتر بنانے کے لیے حکومت پنجاب کی کوششوں کی حمایت کرنے کے لیے پرعزم ہے "۔ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر نائیلہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ اقوام متحدہ کا فیملی پروگرام ہماری شراکت داری اور آبادی پر قابو پانے کی کوششوں کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہے، "پاکستان میں آبادی کے کنٹرول اور تولیدی صحت میں UNFPA کا کردار اہم ہے۔اپنی سرگرمیوں کے ذریعے، UNFPA اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کر رہا ہے کہ افراد، خاص طور پر خواتین اور نوجوانوں کو، معیاری تولیدی صحت کی خدمات تک رسائی حاصل ہو، جس سے وہ اپنی زندگی اور مستقبل کے بارے میں باخبر انتخاب کر سکیں۔اس خاندانی منصوبہ بندی کے تخمینے کے آلات پر باقاعدہ ورکشاپس کا انعقاد ایک بہترین اقدام ہے۔ان چیلنجوں پر قابو پانے کے لیے تجربہ کار ٹریینرز کو ورکشاپس کے انعقاد کے ذریعے ضروری مہارتوں سے آراستہ کیا گیا ہے۔ورکشاپس میں معیاری نصاب تیار کرنا ہوگا جس سے تسلسل اور نقل تیار کرنے میں آسانی ہو۔تربیت کے لیے علاقائی مراکز کا قیام تاکہ وسیع سفر کی ضرورت کو کم کرکے رسائی میں اضافہ ممکن ہو سکے۔رسائی اور لچک بڑھانے کے لیے آن لائن تربیتی سیشنز، ای لرننگ ماڈیولز کے ساتھ ذاتی طور پر ورکشاپس کی تکمیل کرنا ہوگی۔تجربہ کار پیشہ ور افراد کو نئے افراد کو ورکشاپ کے دوران اور بعد میں رہنمائی اور مدد فراہم کرسکیں گے۔ورکشاپ کی تاثیر کا باقاعدگی سے جائزہ، مستقبل کے سیشنز کو بہتر بنانے کے لیے شرکاء سے رائے طلب کرسکیں گے۔وسائل، مہارت اور نیٹ ورکس سے فائدہ اٹھانے کے لیے تنظیموں، یونیورسٹیوں، یا سرکاری ایجنسیوں کے ساتھ شراکت داری کو فروغ دینا ہوگا۔مقامی اداروں کی صلاحیت کو بڑھانے پر توجہ مرکوز اور انہیں ملکیت لینے اور پہل کو برقرار رکھنے کے قابل بنانا ہوگا۔اخراجات کو کم کرنے کے لیے موجودہ بنیادی ڈھانچے اور مواد کو استعمال کرتے ہوئے حکمت عملی کے ساتھ وسائل مختص کرنا ہوں گے۔ایک طویل المدتی منصوبہ کی تیاری، واضح اہداف، مقاصد، اور صلاحیت کو بڑھانے اور پہل کو برقرار رکھنے کے لیے حکمت عملیوں کا خاکہ پیش کرسکیں گے۔ان حکمت عملیوں کو لاگو کرکے اپنی صلاحیت میں اضافے کے چیلنجوں پر قابو پا گیا جاسکے۔اس طرح افسران اپنے خاندانی منصوبہ بندی کے تخمینے کے اوزار ورکشاپس کی کامیابی کو یقینی بناسکیں گے۔

بقیہ 10

اسلامک ڈویلپمنٹ بینک سے 6 کروڑ ڈالر اور پیرس کلب ممالک سے 1 کروڑ 41 لاکھ ڈالر ملنے کا تخمینہ ہے، پہلی سہ ماہی کے دوران اسلامک ڈویلپمنٹ بینک سے آئل فنانسنگ کی مد میں بھی 10 کروڑ ڈالر ملنے ہیں۔تاحال فنڈنگ نہ ہونے کے باعث پہلی سہ ماہی جولائی سے ستمبر تک مقررہ ہدف حاصل نہ ہونے کا خدشہ ہے، رواں مالی سال کے دوران سیلاب سے ریکوری و بحالی کیلئے عالمی بینک سے 28 کروڑ 70 لاکھ ڈالر کا تخمینہ ہے جبکہ ایشیائی ترقیاتی بینک سے 24 کروڑ 91 لاکھ اور اسلامک ڈویلپمنٹ بینک سے 11 کروڑ 10 لاکھ ڈالر کا تخمینہ ہے۔اسی طرح پیرس کلب ممالک سے 7 کروڑ 37 لاکھ ڈالر، یوایس ایڈ سے 3 کروڑ 20 لاکھ ڈالر ملیں گے، رواں مالی سال اسلامک ڈویلپمنٹ بینک سے آئل فنانسنگ کیلئے بھی 50 کروڑ ڈالر مزید ملیں گے۔

بقیہ 11

اپنی نشستوں پر کھڑے ہوگئے، پی ٹی آئی اراکین نے بولنے کی کوشش کی، جس پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ وقفہ سوالات کے بعد آپ کو بولنے کا موقع دیں گے۔وفاقی وزیر خزانہ میاں محمد اورنگزیب نے وقفہ سوالات پر جوابات دیتے ہوئے کہا کہ زراعت کے شعبہ کا اکنامی میں بہت اہم کردار ہے، زراعت فنانس کو بڑھانا ہے، لائیو اسٹاک اور ڈیری میں بھی فوکس کریں گے۔انہوں نے کہا کہ لائیو اسٹاک اور ڈیری کی بھی فنانسنگ کی ضرورت ہے، اسٹاک ایکسچینج میں اتار چڑھاؤ رہتا ہے، ہماری گزشتہ سال بجٹ زراعت کے شعبے میں ہوئی جس کی گروتھ 6 فیصد تھی، بڑے کے ساتھ چھوٹے کسانوں کی فنانسنگ بھی زیادہ کرنی ہے۔انہوں نے کہا کہ بینکوں کے ذریعے ڈیری اور لائیو اسٹاک کی فنانسنگ کو بھی آگے لے کر چلیں گے، ٹیکسٹائل کے علاوہ دیگر شعبوں میں برآمدات بڑھانا پڑیں گی، ایکسپورٹس بڑھانے کی پالیسی دی ہے اس پر کام بھی کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عشرت نے مفصل رپورٹ پیش کی تھی کابینہ میں کہ کس طرح حکومت کو رائٹ سائز کرنا ہے، 6 وزارتوں کی رائٹ سائزنگ پر کام کر رہے ہیں، ان پر عملدرآمد کرائے گے، جو ادارے نقصان میں چل رہے ہیں، وہاں سے اربوں روپے بچا سکتے ہیں۔وزیر خزانہ نے کہا کہ پنشن ایک بم کی شکل اختیار کرچکی ہے اسے روکنا ہوگا، پنشن اصلاحات پر قانون سازی کرنا ہوگی، پنشن اصلاحات پر جلد قانون سازی لائیں گے، معیشت پر جلد ایوان کو سیر حاصل بات کروں گا۔اجلاس کے دوران سینیٹر عرفان صدیقی نے پارلیمنٹ میں پریس گیلری کا دورہ کیا اور کہا کہ صحافیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے آیا ہوں، پی ٹی آئی جلسے میں صحافیوں کے خلاف بازاری زبان استعمال کی گئی، پی ٹی آئی جلسے میں 9 مئی کا بیانیہ ٹپک رہا تھا۔سینیٹر شیری رحمٰن نے ارسا ایکٹ، 1992 میں مجوزہ تبدیلیوں پر صوبہ سندھ کے تحفظات پر توجہ دلاؤ نوٹس پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کے صوبائی حقوق کو سلب کیا جارہا ہے، پورے صوبہ کے عوام کے حقوق کو پامال کیا جارہا ہے، سندھ میں پانی کی کمی کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے، دریائے سندھ کے اردگرد تعمیرات بناء جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پانی کی منصفانہ تقسیم پر وفاقی ڈھانچہ میں بہت بڑا مسئلہ ہے، جو صوبہ متاثر ہورہا ہے، اس سے پوچھا جائے، گورنس کے موجودہ ڈھانچے کو وفاق کے ماتحت لانے کی کوشش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سندھ میں یا تو مون سون ہوتا ہے یا قحط سالی ہوتی ہے، میری سمجھ سے بالاتر ہے، اس طرح کی کاروائی کیوں کی جارہی ہے، اس طرح کے اقدامات آئین کی خلاف ورزی کرتے ہیں، دانستہ طور پر آپ سندھ کو محروم کر رہے ہیں، سندھ صوبائی اسمبلی نے اس کے خلاف قرارداد پیش کی ہے۔ارسا ایکٹ میں مجوزہ ترمیم پر توجہ دلاؤ نوٹس پر ضمیر گھمرو نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پانی کا مسئلہ 1935 سے سندھ اور پنجاب کے درمیان ہے، واپڈا کو آج تک مشترکہ مفادات کونسل نے کنٹرول نہیں کیا اس پر ایک صوبے کا کنٹرول ہے۔انہوں نے کہا کہ ارسا ایکٹ کا کام پانی تقسیم کو یقینی بنانا ہے، ارسا کی کمپوزیشن کو تبدیل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، سی سی آئی اور صوبائی حکومت کو بائی پاس کیا جارہا ہے، 1945 کے معاہدے کے تحت تو سندھ اور پنجاب میں پانی اور بجلی کی برابر تقسیم تھی، سی سی آئی میں ہمارا اور بلوچستان کا ایک ایک رکن پنجاب کے چار رکن ہیں۔جام سیف اللہ نے کہا کہ کہا جاتا ہے کہ پانی سمندر میں چلا جاتا ہے، سیلاب آتا ہے تو یہ کہتے ہیں کہ کالا باغ ڈیم بننا چاہیے، سندھ میں پانچ پانچ سال خشک سالی ہوتی ہے اور پھر سیلاب آجاتا ہے، سندھ میں پانی کم ہونے سے سات آٹھ اضلاع متاثر ہوتے ہیں، دس لاکھ ایکڑ زمین متاثر ہوتی ہے، ارسا ایکٹ میں ترامیم کا مقصد ہے کہ آمرانہ انداز سے اپنی بات منوائیں، اتنے حساس مسئلہ کو ہلکے انداز سے نہ لیں۔سینیٹر پونجو بھیل نے کہا کہ وزارت آبپاشی اٹھارویں ترمیم کے بعد غیر آئینی وزارت ہے، دریائے سندھ پر کوئی ڈیم نہیں بننے دیں گے۔وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جو مقدمہ سندھ کا ہے، وہی پاکستان کا مقدمہ ہے، اس میں کوئی تفریق نہیں کی جارہی ہے، کوئی قانون اس پارلیمان سے گزرے بغیر نہیں بنتا، قانون سازی پارلیمنٹ کا حق ہے، ہم اپنی اتحادی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلیں گے۔انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ کوئی قانون بنیں تو سیاسی حریفوں سے بھی مشاورت کریں، ارسا سے جو ڈاکومنٹ آیا ہے، اس پر تمام صوبوں کے ممبران نے دستخط کئے، جو مسودہ آیا ہے، اسے آپس کی تقرار کو ختم کرنا ہے۔پانی کے معاملات پر اگر پارلیمنٹ نے قانون سازی نہیں کرنی تو پھر یہ ایک مثال بن جائے گی، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ پارلیمنٹ قانون سازی نہ کرے اور یہ معاملہ سی سی آئی میں جائے تو آپ کی صوابدید ہے۔مصدق ملک نے کہا کہ کوئی بھی چیز مشاورت کے بغیر نہیں ہوگی، پھر جھگڑا کی کوئی بات نہیں ہے، ہر سال سمندر میں پانی 8.6 ملین ایکڑ پانی کی جگہ 18 ملین ایکڑ پانی گرتا ہے، ہر سال اضافی پانی دریائے سندھ سے سمندر میں گرتا ہے۔اس دوران حکومتی و اپوزیشن سینیٹرز نے شور کیا کہ آپ غلط فگرز بتا رہے ہیں، سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ مصدق ملک غلط فگر زبتا رہے ہیں، ہمارے صوبے کا یہ زندگی موت کا مسئلہ ہے۔مصدق ملک نے کہا کہ ابھی تک فلڈ نہیں آیا 18.8 ملین ایکڑ فٹ پانی اب تک سمندر میں جا چکا، 2019 میں سمندر میں 15 ملین ایکڑ فٹ پانی سمندر میں گیا، 2019 سے 2022 تک 14 سے 8 ملین ایکڑ فٹ پانی سمندر گیا، اب کے سال پہلی بار 6 ماہ میں 18.6 ملین ایکڑ فٹ پانی سمندر جا چکا، صرف یہ کہوں گا جو یہ ایوان فیصلہ کرے گا وہی فیصلہ ہوگا۔بھنگ کنٹرول اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی بل 2024 پر قائمہ کمیٹی سائنس ٹیکنالوجی نے رپورٹ پیش کردی، چیئرمین قائمہ کمیٹی سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کامل علی آغا نے رپورٹ پیش کی۔اس دوران اپوزیشن لیڈر شبلی فراز نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز پارلیمنٹ کے ایوان کا تقدس پامال کیا گیا، گزشتہ روز رات پارلیمنٹ کی بے توقیری کی گئی، کل رات ایسے لگا جیسے پارلیمنٹ میں عوامی نمائندے نہیں بلکہ چور بیٹھے ہیں، پارلیمنٹ تو سب کا سانجھا ہے، حکومتی ارکان میں سے کسی نے اس عمل کی مذمت نہیں کی۔انہوں نے کہا کہ اس ایوان کو قرارداد پاس کرنی چاہیے تھی کل جو ہوا، پارلیمنٹ میں عوام کے لیے بات کم کی جاتی ہے، اور تحریک انصاف کے خلاف قوانین بنائے جارہے ہیں۔

بقیہ 12

کرنے کا عزم تمام جماعتوں کا ایسے معاملات سے نمٹنے کے لیے مکمل ضابطہ کار بنانے پر بھی اتفاق کل رات کے واقع پر دل انتہائی رنجیدہ ہے، اسپیکر پارلیمنٹ کے تمام ممبران میرے لئے انتہائی قابل احترام ہیں، اسپیکر پارلیمنٹ کے وقار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، اسپیکر پارلیمنٹ سے گرفتاریوں کی اطلاعات انتہائی تشویشناک ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی پارلیمنٹ سے گرفتاریوں کے حوالے سے فوری اور مکمل تحقیقات کا حکم جاری کر دیا ہے، اسپیکر قومی اسمبلی اسپیکر نے ائی جی اسلام اباد کو اپنے دفتر میں طلب کر کے واقع سے متعلق معلوم کیا اسپیکر قومی اسمبلی کی آئی جی اسلام آباد کو قانونی طریقہ کار کے مطابق گرفتار اراکین کو پارلیمنٹ میں پیش کرنے کا حکم اسپیکر نے آئی جی اسلام اباد کو تمام گرفتار اراکین سے مہذب برتاؤ اور بہترین سہولیات فراہم کرنے کی خصوصی ہدایت کل رات کے واقع کی مکمل تحقیقات عمل میں لائی جائیں گی، اسپیکر کل رات کے واقع کی مکمل فوٹیج حاصل کی جارہی ہے، اسپیکر آئی جی اسلام آباد سے واقع کی فوری اور مکمل رپوٹ بھی طلب کر لی ہے، اسپیکر قومی اسمبلی پارلیمنٹ کا تقدس اور احترام سب پر لازم ہے، اسپیکر قومی اسمبلی ملاقات میں وفاقی وزراء اور اراکین اسمبلی رانا ثنا اللہ، اعظم نذیر تارڑ، عبدالعلیم خان، سید خورشید شاہ، سید نوید قمر، طارق فضل چوہدری، نور عالم خان، شدانہ گلزار، خالد حسین مگسی چوہدری سالک حسین، سید امین الحق، امجد علی خان، شاہدہ اختر علی، علی محمد خان، صاحبزادہ حامد رضا اور دیگر کی شرکت

بقیہ 13

قوم بانی پاکستان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے اور تادم ان کی احسان مندر ہے گی۔بابائے قوم کی دوراندیشی اور سیاسی بصیرت نے قوم کی تقدیر بدلنے کیلئے اتحاد، ایمان اور نظم وضبط جیسے رہنما اصول وضع کیے۔آج ہمیں جن مشکلات کا سامنا ہے، ان پر قابو پانے کا واحد راستہ قانون اور آئین پر من وعن عمل درآمد ہے۔ہمیں بانی پاکستان کے رہنما اصولوں پر عمل کرتے ہوئے اپنے مستقبل کو تابناک بنانے کے لئے ہر قسم کے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر پرامن، ترقی پسندانہ اور جمہوری رویوں کو پروان چڑھانا ہوگا۔سید یوسف رضا گیلانی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو قائداعظمؒ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے وطن عزیز کی تعمیر وترقی کیلئے مل کر کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین۔

بقیہ 14

کا تعلق ایک ہی خاندان سے ہے، جاں بحق اور زخمی افراد کا تعلق ناظم آباد کے خاندان سے ہے۔ذرائع نے بتایا کہ جیپ حادثے میں زخمی 2 افراد کو ابتدائی طبی امداد کے بعد سی ایم ایچ مظفرآباد منتقل کر دیا گیا، جبکہ خاندان کے 3 افراد کا ڈی ایچ کیو ہسپتال میں علاج جاری ہے۔

بقیہ 15

کیلئے روانہ ہوگئے تھے۔پی ٹی آئی رکن قومی اسمبلی شاہد خٹک نے علی امین گنڈاپور کے واپس پشاور پہنچنے کی تصدیق کردی۔اس سے قبل مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی گرفتاری کا خدشہ ظاہر کیا تھا، تاہم سنی اتحاد کونسل کے سربراہ صاحبزادہ حامد رضا نے علی امین کی گرفتاری کی تردید کرتے ہوئے دعویٰ کیا تھا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو گرفتار نہیں کیا گیا وہ محفوظ ہیں۔ذرائع اسلام آباد ہاؤس کے مطابق وزیر اعلیٰ جلسے کے بعد اسلام آباد میں مختلف میٹنگز میں مصروف تھے۔اس حوالے سے پی ٹی آئی کا کہنا ہے کہ علی امین گنڈاپور کی اسلام آباد میں سرکاری حکام کے ساتھ طویل ملاقات ہوئی، ملاقات میں صوبے کی امن وامان کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔پی ٹی آئی نے کہا کہ علی امین گنڈاپور کی ملاقات جہاں تھی وہاں جیمر لگنے سے موبائل سروس معطل تھی، پشاور آمد پر وزیر اعلیٰ نے پی ٹی آئی رہنماؤں سے بھی زوم پر میٹنگ کی۔وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے پی ٹی آئی رہنماؤں کو ملاقات کا احوال بتایا، ان کو گزشتہ روز پی ٹی آئی کے رہنماؤں کی گرفتاریوں کا بھی آگاہ کیا گیا۔واضح رہے کہ اس سے قبل ترجمان خیبر پختونخوا حکومت سمیت پی ٹی آئی رہنماؤں نے علی امین گنڈاپور کی گرفتاری کا خدشہ ظاہر کیا تھا۔بیرسٹر سیف نے کہا تھا کہ لگتا ہے کہ وفاقی حکومت نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کو حراست میں لیا ہے، وفاقی حکومت بتائے کہ علی امین گنڈاپور کہاں ہیں؟ قائد حزب اختلاف عمر ایوب نے کہا تھا کہ علی امین گنڈاپور سے رابطہ ختم ہو چکا، وفاقی حکومت اور اسٹیبلشمنٹ نے انہیں جائے کے کپ پر مدعو کیا تھا، عمر ایوب کا کہنا تھا کہ علی امین گنڈاپور ان کے سیکیورٹی عملے سے بھی رابطہ نہیں، ان کے فون بھی بند ہیں۔وزیر اعلیٰ کی بازیابی کے لیے خیبر پختون خوا حکومت نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں پٹیشن دائر کرنے کا فیصلہ کیا۔

بقیہ 16

کہ 30 ستمبر تک انتظار کریں، دیکھیں کہ آسمان کیسے کیسے سیاسی رنگ بدلتا ہے۔واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں کی گرفتاریاں جاری ہیں، پارلیمنٹ ہاؤس سے تمام پی ٹی آئی ارکان کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔قبل ازیں اسلام آباد کی مقامی عدالت میں عمران خان اور شیخ رشید احمد کے خلاف تھانہ آبپارہ میں درج مقدمے میں بریت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔اس موقع پر شیخ رشید، صداقت عباسی اپنے وکیل سردار معروف اور سردار شہباز کے ہمراہ عدالت پیش ہوئے۔وکیل سردار معروف نے کہا کہ مقدمے میں شریک ملزمان پہلے ہی بری ہو چکے ہیں، دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر مقدمہ درج کیا گیا ہے، ملزمان کو بری کیا جائے۔جس کے بعد عدالت نے عمران خان اور شیخ رشید کی بریت کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا ہے۔

بقیہ 17

زیر سماعت 27 ریفرنسز غیر موثر ہوگئے جو نیب کو واپس بھیجے جائیں گے۔احتساب عدالت راولپنڈی میں زیر سماعت ریفرنسز کی تعداد اب 3 رہ گئی ہے۔احتساب عدالت کے جج قمر زمان نے بھی مدت تعیناتی مکمل ہونے پر چارج چھوڑ دیا، جس کے بعد احتساب عدالت راولپنڈی میں جج کی سیٹ خالی ہے۔اسی طرح راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت میں بھی جج کی سیٹ خالی ہے۔احتساب اور انسداد دہشت گردی عدالتوں میں ججز تعیناتی کا پراسس شروع کردیا گیا ہے۔

بقیہ 18

کی تجویز سامنے آئی ہے۔ڈیجیٹل سٹوڈیو میں پوڈ کاسٹ کا سسٹم بھی لگانے کی تجویز دی گئی ہے۔ڈیجیٹلائزیشن کے تحت پنجاب اسمبلی کی کاروائی کی ترسیل تمام سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر دکھائی جائے گی۔ذرائع کے مطابق پنجاب اسمبلی کی کاروائی کا آرکائیو ڈیٹا بھی محفوظ بنایا جائے گا۔اسمبلی اجلاس کی ریکارڈنگ سوشل میڈیا پر ڈالنے کا کام شروع ہو چکا ہے۔

بقیہ 19

کی تقرری کی تردید کردی۔وزیراعلیٰ مریم نواز کے سخت نوٹس پر ڈائریکٹر ایکسائز محمد آصف کو عہدے سے ہٹا دیا گیا ہے۔محکمہ ایکسائز پنجاب نے مفتی قوی کو اپنی وینٹی نمبر پلیٹ اسکیم کا سفیر مقرر کیا تھا، اس سلسلے میں ایک تقریب میں مفتی قوی کو سوینئر پیش کیا گیا۔مفتی قوی ہاتھ میں وینٹی نمبر پلیٹ تھامے اپنے چاہنے والوں کو اسکیم سے فائدہ اٹھانے کی تلقین کرتے دکھائی دیئے۔ڈائریکٹر ایکسائز محمد آصف کا کہنا تھا کہ وینٹی نمبر پلیٹ اسکیم اگلے ہفتے شروع ہوگی جس کے تحت گولڈ نمبر پلیٹ 5 لاکھ روپے میں پلاٹینم نمبر پلیٹ 50 لاکھ میں اور کارپوریٹ نمبر پلیٹ ایک کروڑ میں دستیاب ہوگی۔یہ نمبر پلیٹ مالک کی ملکیت ہوگی۔دوسری پنجاب حکومت کی ترجمان عظمیٰ بخاری نے مفتی قوی کی تقرری کی تردید کردی۔ان کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت نے ایسی کوئی تقرری نہیں کی، بلا اجازت ایسی حرکت کرنے والے کیخلاف ایکشن ہوگا۔وزیراعلیٰ نے بھی اس کا سخت نوٹس لیا ہے، عظمیٰ بخاری کا بیان سامنے آنے کے تھوڑی دیر بعد ڈائریکٹر ایکسائز محمد آصف کو عہدے سے ہٹانے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔

بقیہ 20

کے مطابق پرواز پی کے 284 میں روانگی کے فوری بعد خرابی پیدا ہوئی تھی، ایئر ٹریفک کنٹرولر دبئی کی ہدایت پر طیارے نے 50 منٹ بعد واپس لینڈنگ کرلی۔ذرائع کا کہنا ہے کہ مسافروں کو طیارے سے اتار کر لاؤنج منتقل کردیا گیا ہے، اس کا معائنہ کیا جارہا ہے، پرواز نے آج صبح 9 بجے پشاور پہنچنا تھا۔پی آئی اے کے ترجمان کا کہنا ہے کہ دبئی ایئرپورٹ پر پی آئی اے کے طیارے کی فنی خرابی دور کی جارہی ہے، پرواز پی کے 284 دبئی سے 1 گھنٹے بعد پشاور روانہ ہوگی۔دوسری جانب انتظامی مسائل کے باعث کراچی، لاہور اور اسلام آباد سے 6 پروازیں منسوخ ہوگئیں جبکہ 12 تاخیر کا شکار ہیں۔فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی سے جدہ کی پی آئی اے کی پرواز پی کے 832، اسلام آباد سے کراچی کی نجی ایئرلائن کی 2 پروازیں پی ایف 125 اور 126 کو منسوخ کردیا گیا۔پی آئی اے کی لاہور سے دبئی کی پرواز پی کے 723 اور اسلام آباد سے ابوظبی کی پی آئی اے کی پرواز پی کے 261 کو بھی منسوخ کردیا گیا ہے۔استنبول سے کراچی کی غیر ملکی ایئرلائن کی آمد و روانگی کی پروازوں میں پونے 4 گھنٹے کی تاخیر ہوئی ہے۔اسلام آباد سے کراچی کی پرواز پی کے 300 میں 1 گھنٹے اور کراچی سے لاہور کی پرواز پی کے 302 میں ساڑھے 4 گھنٹے تاخیر ہوئی ہے۔اسلام آباد سے کراچی کی پرواز پی کے 368 چھ گھنٹے اور لاہور سے کراچی کی پرواز پی کے 303 ساڑھے 4 گھنٹے تاخیر کا شکار ہے۔

بقیہ 21

نفرت ہے اس مرد اور عورت کے بارے میں ویڈیو بناتے ہیں، یہ ہمارا المیہ بن چکا ہے ہم پھر تفتیش نہیں کرتے کہ یہ سچ ہے یا جھوٹ بس شروع ہو جاتے ہیں۔لاہور ہائیکورٹ میں صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی فیک ویڈیو کے خلاف دائر درخواست پر سماعت ہوئی۔ایف آئی اے حکام نے پیشرفت رپورٹ عدالت میں پیش کردی۔دوران سماعت وکیل وفاقی حکومت نے عدالت کو بتایا کہ پانچ رکنی ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں، اسد باجوہ ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری ہو چکے ہیں، بنک اکاؤنٹس سیل کیے جا رہے ہیں، ڈی ڈی آر کے مطابق فیصل آباد زرعی یونیورسٹی میں چھاپہ مارا گیا۔وفاقی حکومت کے وکیل نے کہا کہ لاہور میں دو چھاپے مارے گئے ہیں، ٹیمیں دن رات محنت کر رہی ہیں، خیبر پختونخوا ہاؤس میں چھاپہ مارا گیا ہے۔جس پر چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے کہا کہ آپ کی رپورٹ کے مطابق حکومتی ادارے ملزمان کو چھپانے کی کوشش کر رہے ہیں۔وکیل عظمیٰ بخاری نے کہا کہ فلک جاوید پرسوں کے اسلام آباد جلسے میں موجود تھیں، وہ ویڈیو بنا کر ایکس پر پوسٹ کر رہی تھی، ایف آئی اے والے اگر گرفتار کرنا چاہتے تو وہاں سے گرفتار کر سکتے تھے۔عدالتی کاروائی کے بعد فلک جاوید نے جو اس کورٹ کے بارے میں ٹویٹر پر لکھا، پھر اس کے بعد ری پوسٹ ہوئے اور عدالت کے بارے میں کمنٹس بہت عجیب تھے۔عدالت نے ایف آئی اے کو تفتیش مکمل کرنے کی مہلت دیتے ہوئے سماعت 18 ستمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 22

کو جس بے جا میں رکھنے کی دفعات بھی شامل ہے۔

بقیہ 23

کیشمور، چترال، ڈیرہ اسماعیل خان میں نصب ہوں گے جب کہ کوئٹہ، گوادر اور لاہور میں بھی ریڈار لگایا جائیگا۔صاحبزادہ خان کے مطابق ملک کے مختلف حصوں میں 300 آٹومیٹک ویدر اسٹیشنز کی تنصیب بھی کی جائیگی۔واضح رہے کہ بادل میں بارش کی مقدار اور سمندری طوفان سے متعلق پیشگی اطلاع فراہم کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے لیس ریڈار کراچی میں 2019 میں نصب کیا گیا تھا۔

بقیہ 24

خیمہ بستی میں اسرائیلی بمباری کے دوران وزنی بموں کے استعمال سے محفوظ قرار دیے گئے المواسی کیمپ میں 30 فٹ گہرے گڑھے پڑ گئے جس سے لاشوں کی تلاش میں مشکلات کا سامنا ہے۔ادھر اسرائیلی فوج نے پولیو مہم کیلئے شمالی غزہ جانے والے یو این عملے کو حراست میں لے لیا اور عملے کی گاڑیوں کو بلڈوزروں سے نقصان پہنچایا۔مزید برآں نابلوس کے 3 دیہات پر اسرائیلی قبضے کیلئے فلسطینیوں کو جگہ خالی کرنے کے احکامات بھی جاری کیے گئے ہیں۔یاد رہے کہ 7 اکتوبر 2023 کے بعد اب تک اسرائیلی حملوں میں شہید فلسطینیوں کی تعداد 40 ہزار 972 سے تجاوز کر چکی ہے جبکہ 94 ہزار 761 سے زائد فلسطینی زخمی ہیں۔اسرائیلی حملوں میں شہید اور زخمی ہونے والوں میں نصف سے زائد تعداد صرف بچوں اور خواتین پر مشتمل ہے، غزہ پر اسرائیل کی اندھا دھند بمباری سے اب تک لاکھوں افراد بے گھر ہو کر کیمپوں میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔

بقیہ 25

پرفیوم کی لانچ کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے اپنے برانڈ مہرہ ایم 1 کے تحت اس پرفیوم کو متعارف کروایا ہے۔شہزادی نے پرفیوم کی لانچ کی اس حوالے سے ایک ویڈیو جاری کی تھی۔

بقیہ 26

جاری ہے جسکو جلد ہی لگا کر عوام کے لیے فنکشنل کیا جائے گا قبل ازیں ایک پرائیویٹ این جی او کی جانب سے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں سی ٹی سکین کی مشین لگائی گئی تھی بعد ازاں کچھ وقت قبل تنظیم نے اپنا سیٹ اپ یہاں سے اٹھا لیا تھا جبکہ دوسری جانب گورنمنٹ پنجاب نے بھی نئی مشین دینے کی یقین دہانی کروائی تھی اس سلسلے میں ری وہیپنگ کا کام جاری تھا اور آج حکومت پنجاب کا وعدہ وفا ہو گیا جبکہ آج سوموار کو بھی ہسپتال کا وزٹ کیا جس میں انہوں نے آپریشن تھیٹر، لیب اور وارڈز سمیت ری ویمپ ہوئی بلڈنگ کا بھی معائنہ کیا اس موقع پر ہسپتال انتظامیہ انکے ہمراہ تھی مزید برآں عوامی حلقوں نے سی ٹی سکین مشین اور دیگر سامان کی فراہمی پر سی ایم پنجاب مریم نواز شریف اور وزیر صحت خواجہ عمران نذیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ خوش عین عمل ہے کہ مشین کی تنصیب سے ہماری مجبل خواری ختم ہوجائے گی مزید برآں عوامی حلقوں نے پنجاب گورنمنٹ سے عرصہ دراز سے ریڈیالوجسٹ کی خالی سیٹ پر ریڈیالوجسٹ سپیشلسٹ ڈاکٹر کی تعیناتی کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 27

ٹیک سنگھ سے بھی ڈینگی وائرس کا 1، 1 مریض رپورٹ ہوا ہے۔

بقیہ 28

جانب پی ٹی آئی رہنما شہریار ریاض کی گرفتاری کے لیے پولیس نے رات گئے پشاور روڈ پر واقع ان کے گھر پر چھاپہ مارا۔پولیس کے چھاپے کے دوران پی ٹی آئی رہنما شہریار ریاض بھی اپنے گھر پر موجود نہیں تھے۔واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماؤں کی گرفتاریاں جاری ہیں، پارلیمنٹ ہاؤس سے تمام پی ٹی آئی ارکان کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔اسلام آباد پولیس نے ایم این اے زین قریشی اور شیخ وقاص اکرم کو پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر سے حراست میں لیا ہے۔پولیس کی جانب سے ایم این اے نسیم الرحمن، شاہ احد خٹک اور ? سنی اتحاد کونسل کے صاحبزادہ حامد رضا کو بھی گرفتار کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 29

اسماعیل خان میں نصب ہوں گے جبکہ کوئٹہ، گوادر اور لاہور میں بھی ریڈار لگایا جائے گا۔صاحبزادہ خان کے مطابق ملک کے مختلف حصوں میں 300 آٹو میٹک ویدر اسٹیشنز کی تنصیب بھی کی جائے گی۔واضح رہے کہ بادل میں بارش کی مقدار اور سمندری طوفان سے متعلق پیشگی اطلاع فراہم کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے لیس ریڈار کراچی میں 2019ء میں نصب کیا گیا تھا۔

بقیہ 30

زرقا سہروردی نے کہا کہ رات 3 بجے پارلیمان کی بتیاں بند کر کے کالے شیشوں والی گاڑیوں میں ممبران پارلیمان کو لے جایا گیا، یہ بنیادی انسانی حقوق کا معاملہ ہے اور اس پر کمیٹی کو ہی دیکھنا چاہیے جس پر چیئرپرسن کمیٹی نے کہا کہ یہ معاملہ متعلقہ فورم پر اٹھایا جانا چاہیے، یہ امن و امان کا معاملہ ہے، میرے دائرہ اختیار میں نہیں آتا۔

بقیہ 31

جنکو ہم سرکاری نامہ پر فروخت کریں تو ہمارا نقصان ہوتا ہے تفصیلات کے مطابق سرکاری ریٹ لسٹ پر عملدرآمد ناگزیر ہوگیا مناسب چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کی وجہ سے پھل سبزیاں غریب کی دسترس سے باہر دیسی کریلا 300 پنجاب کا کریلا 120 روپے کلو، کھیرا 200، لہسن 600 روپے کلو، بینگن 120، آلو 120، ٹماٹر 120، بند گوبھی 150، کدو 150 مٹر 560 روپے کلو، لیموں 350 روپے پاؤ 1400 روپے کلو، سبز مرچ گول دیسی 150 پنجاب والی 100 روپے اورک 200 روپے پاؤ، سبز دھنیا اور پودینہ 150 روپے گڈی، کیلا درجن 150 روپے درجن، سیب گاجا دوئم 200، آم 300 روپے کلو دھڑلے سے فروخت ہو رہا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کو گوجرخان کے عوام کے مسائل کیساتھ کوئی دلچسپی نہیں جبکہ مقامی انتظامیہ فوٹو سیشن تک محدود ہے جب کی عملی کارکردگی صفر ہے پرائس مجسٹریٹس بازاروں میں کہیں نظر نہیں آتے گراں فروشوں اور ذخیرہ اندوزوں کو لوٹ مار کرنے کی کھلی چھٹی دی ہوئی ہے آڑھتیوں سے لیکر چھوٹے دکاندار من مانے نرخوں پر پھل سبزیاں دے رہے ہیں ایک طرف گورنمنٹ آف پنجاب ریلیف فراہمی کے دعوے کرتی ہے جبکہ دوسری جانب انکی بیوروکریسی آٹے میں نمک کے برابر بھی ریلیف نہیں فراہم کروا رہی اسکے برعکس نیچے سے اوپر تک سب پنجاب گورنمنٹ کو سب اچھا کی رپورٹس دفاتر میں بیٹھ کر بھیجنے میں مصروف اگر ایسے ہی ہر دکاندار نے اپنے من مانے ریٹس لگانے ہیں تو یہ ریٹ لسٹ بنائی چھوڑ دیں کیونکہ یہ ہم عوام کیساتھ مذاق ہے ہم سی ایم پنجاب مریم نواز سے گزارش کی جاتی ہے کہ اس تمام تر صورتحال پر سختی سے نوٹس لیا جائے اور ہمیں ریلیف فراہم کروایا جائے۔

بقیہ 32

پورٹ کردیا۔ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ اسپیشل آپریشنز سیل کی ٹیم نے ایئرپورٹ سے اشتہاری کو اپنی تحویل میں لے لیا۔رواں سال بیرون ملک سے گرفتار اشتہاریوں کی مجموعی تعداد 70 ہو گئی ہے۔

بقیہ 33

میں شعور اجاگر کیا جاسکے۔اس موقع پر ضلع انتظامیہ، پولیس اور ای پی اے کے افسران نے حصہ لیا، اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے اپنی تیاری اور عزم کا اظہار کیا۔فلیگ مارچ نے انجینئی کے آلودگی کے تدارک کے لیے متحرک کردار کو اجاگر کیا اور ماحولیات کے تحفظ میں عوامی شمولیت کی اہمیت پر زور دیا۔ڈی جی ماحولیات پنجاب عمران حامد شیخ نے کہا کہ ادارہ ماحولیات پنجاب کی گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 327 صنعتی یونٹس اور اینٹوں کے بھٹوں کی انسپکشن، ماحولیات پنجاب کا سخت کریک ڈاؤن 24 گھنٹوں کے دوران 4 یونٹس مسمار جبکہ 13 کو سیل کر دیا گیا۔پنجاب بھر میں 154 یونٹس کو نوٹسز اور 6 ایف آئی آرز درج کر لی گئیں۔لاہور میں 2 یونٹس کو سیل 3 لاکھ روپے سے زائد جرمانے عائد کیے گے۔

بقیہ 34

دریائے سندھ چناب راوی جہلم اور ستلج میں پانی کا بہاؤ نارمل لیول پر ہے۔راجن پور اور ڈیرہ غازی خان ہل ٹورنٹس میں بھی نارمل صورتحال ہے، منگلا ڈیم میں پانی کی سطح 84 فیصد، تربیلا ڈیم میں 100 فیصد ہے۔ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا کا کہنا ہے کہ پنجاب کے دریاؤں میں سیلاب کا کوئی خطرہ نہیں، وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے پیش نظر پی ڈی ایم اے و متعلقہ ادارے الرٹ ہیں، شہریوں کے تحفظ کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام الناس سے التماس ہے کہ مون سون بارشوں کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ایمرجنسی کی صورت میں پی ڈی ایم اے کی ہیلپ لائن 1129 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 35

وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد ہوا، ملزمان کو متعدد وارداتوں کے انکشاف پر شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا جارہا ہے، ملزمان کی گرفتاری پر ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے ایس ایچ او نصیر آباد اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منظم و متحرک گینگز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 36

ایک طالبہ نے بہت عقیدت سے نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھی۔کمپیرنگ کے فرائض مسز سعدیہ نگہت نے سرانجام دئیے۔ایکٹنگ پرنسپل مسز سعدیہ نعیم نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔طالبات نے اردو اور انگریزی میں یوم دفاع کی مناسبت سے حوالے سے تقاریر اور ٹیبلو پیش کئے۔طالبات کا جوش وخروش دیدنی تھا۔چند طالبات آرمی، فضائیہ، نیوی اور رینجرز کے یونیفارم میں ملبوس تھیں۔تقریب کے آخر میں مہمانان گرامی قدر میجر مشتاق ملک اور مسز فرحت مشتاق نے خطاب فرمایا۔مسز فرحت مشتاق کی فرمائش پر مسز شازیہ اختر صاحبہ نے اپنی خوبصورت آواز میں نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھی اور ایک سماں باندھ دیا۔مہمانوں کی تواضع بہت زبردست انداز میں کی گئی۔سکول کا ڈسپلن پر نسپل مس نازیہ صاحبہ اساتذہ اور ملازمین کا ادارے کے ساتھ دلچسپی کا مظہر ہے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 11 ستمبر 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 11 ستمبر 2024، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، I-11/1، I-10/1، I-10/2، دھیلہ، ایرٹوپہ، پتریاٹہ، پی اے ایف، انڈسٹریل I-II&III، وارد، اولڈ پی ٹی این، اتحاد فونڈری، ایس ایچ سٹیل، صدیقی سٹیل، ایس ای ایس، فضل گھی، یوفون فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، شاہ پور، ڈھوک نور فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ڈھوک حسو، عالم آباد، لکھو روڈ، فاروق اعظم روڈ، شمس کالونی، پیرودھائی، قائد آباد فیڈرز، اٹک سرکل، کوہسار کالونی، کالا خان، شکردرہ فیڈرز، جہلم سرکل، پران، اجمل شہید، F-7 کچہری، عباس پورہ، پکھوال، F-9، چک دولت، جاکھڑ فیڈرز، چکوال سرکل، ڈھوڈا، جنڈ اعوان فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بندر ہے گی۔

بقیہ 37

ہوا انہوں نے کہا کہ رسول اللہ کی حدیث کے مطابق نیک اولاد صدقہ جاریہ ہے، اپنی اولاد کا عقیقہ کرنا سنت رسول سے ثابت ہے، سنت رسول پر عمل کرتے ہوئے اپنی اولاد کا عقیقہ کرنا چاہیے تاکہ اولاد کی زندگیوں میں پاکیزگی آئے، رسم عقیقہ کے بعد علامہ قاری عبدالواحد نقشبندی خطیب سمیت علاقہ بھر کی معززین نے شرکت کی محفل کے اختتام پر سید صاحب لعل گیلانی اپنے مریدین اور عقیدت مندوں سے ملاقات کی اور ان کے لیے خصوصی دعا فرمائی۔

بقیہ 38

ھے۔جو نظام کائنات میں ریسرچ کی اجازت دیتا ہے۔اس میں مردوعورت کی کوئی قید نہیں۔نبی پاک نے حصول علم کے لیے بچوں اور بچیوں دونوں کے لئے علم کو فرض قرار دیا ہے۔طلباء و طالبات کو سراہا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹونہال اسمبلی کے ماہانہ اجلاس اور سیرت النبی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس کا عنوان "تعلیم و تربیت، اخلاق نبوی کی روشنی میں" تھا۔اسمبلی میں راولپنڈی اسلام آباد کے اسکولوں کے طلباء و طالبات نے بھرپور شرکت کی۔اس موقع پر طلبہ و طالبات نے کتابت سیرت النبی کے عنوان پر تقاریر کیں اور داد تحسین حاصل کی اختتام پر درود و سلام پیش کیا۔

بقیہ 39

ایمونیشن، ملزم علی رضا سے 01 پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن، روات پولیس نے ملزم صغیر سے 01 رائفل 12 بور معہ ایمونیشن، ملزم کامران سے 01 پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم عزیز سے 01 پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم سلیمان سے 01 پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن، رتہ امرال سے پولیس نے ملزم احمد خان سے 01 پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن، صادق آباد پولیس نے ملزم عبداللہ سے 01 پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن، کینٹ پولیس نے ملزم عمر سے 01 پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن، ایئرپورٹ پولیس نے ملزم عامر سے 01 پسٹل 09 ایم ایم معہ ایمونیشن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم سبحان اللہ سے 01 پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ترجمان پولیس کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 40

ملزم شیر محمد سے 01 کلو 630 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، بی پی او یاسر خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ منشیات کا زہر اتارنے والوں کو قرار واقعی سزا دلائی جائے گی، نوجوان نسل کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنے والوں کے خلاف بھرپور کاروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 41

ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر، صراور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اسی سلسلہ میں اسلام آباد پولیس نے سائیڈ کیٹیگری کی حدود میں ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کی شناخت عثمان علی، عرف وغیرہ کے نام سے ہوئی، ملزمان کے قبضہ سے وارداتوں میں استعمال ہونے والی مسروقہ موٹر سائیکل، نقدی اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا، ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 42

کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات فراہم کرنے اور دوران سفر شاہراہوں پر ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کیلئے اسلام آباد پولیس ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اسلام آباد ٹریفک پولیس نے ٹریفک نظام کو بہتر بنانے کیلئے سال کے دوران 21 ہزار سے زائد گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی، ترجمان کے مطابق اسلام آباد پولیس کے اضافی دستے جو شہریوں کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے تعینات کیے گئے ہیں شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کیلئے مصروف عمل ہیں۔

بقیہ 43

ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا کہ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر انڈسٹریز، پرائس کنٹرول اینڈ میٹرز اور آصف فرخ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ملاقات میں ریسٹورنٹس کے مسائل پر تفصیلی بات چیت کی گئی اور گیس کی قیمتوں کے حوالے سے بھی بات کی گئی، ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے کہا کہ گیس کی قیمتوں میں اضافے سے ریسٹورنٹس کی لاگت بہت زیادہ ہو گئی ہے، ایک وقت میں 3900 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو گیس فراہم کی جا رہی ہے، ریسٹورنٹس پر بھی ٹیکس کا بوجھ بڑھ گیا ہے، 14 روپے فی یونٹ بجلی کی لاگت میں اضافہ ہوا ہے، ریسٹورنٹس پر سیلز ٹیکس سمیت دیگر ٹیکسز کا نفاذ بھی ہے جو ہم پر ذمہ داری ہے۔صدر ایسوسی ایشن محمد فاروق چوہدری کا کہنا تھا کہ ایسوسی ایشن نے سیکرٹری انڈسٹریز کامرس انوسٹمنٹ اینڈ سکلز ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر احسان بھٹہ کو بتایا کہ ریسٹورنٹس کے اندر روٹی کے ریٹس چیک کرنے پر انتظامیہ کی جانب سے 50 ہزار سے لے کر ایک لاکھ روپے تک جرمانے کیے جارہے ہیں۔انھیں سیل کیا جاتا ہے۔ایسوسی ایشن اپیل کرتی ہے کہ پنجاب حکومت اپنے فیصلوں پر نظرثانی کرے۔

بقیہ 44

رکن قومی اسمبلی وسابق چیئرمین ضلع کونسل پیر سرحد حیات خان روکھڑی حسب معمول لاہور سے براستہ سرگودھا میانوالی جا رہے تھے کہ راستہ میں خوشاب کے علاقہ قائد آباد کے قریب دل کا دورہ پڑا جو جان لیوا ثابت ہوا جاوید اکبر اور ان کے بیٹوں کے باپ تھے سابق ایم پی اے پیر سرحد حیات خان روکھڑی 20 اکتوبر 1966 کو پیدا ہوئے اور 1986 میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی سے گریجوایشن کرنے کے بعد 1990 میں انگلینڈ سے قانون کی ڈگری حاصل کی اسی طرح 1991 میں CSS کا امتحان پاس کر کے سیاست میں قدم رکھا اور 1991 سے 1993 تک 25 سال کی عمر میں چیئرمین ضلع کونسل اور 2001 تا 2005 تک ضلع ناظم میانوالی رہے جبکہ 2008 سے 2013 تک اپنی سیاسی سفر میں سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر شیر افگن مرحوم کو شکست دی اور میانوالی 2 سے رکن قومی اسمبلی منتخب ہو کر عوام کی خدمت میں سرگرم رہے اور گزشتہ روز 58 برس کی عمر میں ہارٹ اٹیک سے وفات پاگئے جن کی نماز جنازہ ادا کر کے سپرد خاک کر دیا گیا جن کی نماز جنازہ میں ڈویژن بھر سے سیاسی و سماجی شخصیات کے علاوہ شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے ان کا آخری دیدار کیا اور ان کی ملی خدمات پر انہیں زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 45

میڈیا کی یلغار کا مقابلہ کرنے اور نوجوان نسل کی ذہنی آبیاری کیلئے اخبارات و جرائد کے مطالعے کی جانب توجہ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔

بقیہ 46

میں سمری ملنے پر اعتراض لگا کر بھیج دیا ہے کہ آئین کے مطابق مشیروں کی تعداد 5 سے زیادہ نہیں ہوسکتی۔ذرائع گورنر ہاؤس کے کہ پہلی سمری میں وضاحت نہیں کی گئی کہ ایک مشیر کو برطرف کرنے کے بعد دوسرے کو لگایا جارہا ہے، ایک مشیر کو برطرف کرنے کے حوالے سے سمری پر اب کوئی اعتراض نہیں لگایا گیا اور معاونین کے معاملے پر اب گورنر کے پاس 7 روز باقی ہیں۔دوسری جانب مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے جیو نیوز سے گفتگو میں کہا کہ گورنر فیصل کنڈی آئینی عہدے پر براجمان ہو کر بھی آئین اور قانون سے نابلد ہیں، انہوں نے سمری پڑھی بھی نہیں اور اعتراض لگا کر واپس کردی۔

بقیہ 47

منسوخ کیے گئے ہیں، پبلک سروس گاڑیوں کے ڈرائیوروں، مالکان کے خلاف 30 مقدمات بھی درج کیے گئے، سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ غفلت کا مظاہرہ کرنے پر مرتکب گاڑیوں کے مالکان اور اڈہ منیجرز کے خلاف بھی کاروائی کی گئی شہریوں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 48

رضا گیلانی کی بیگم کی جانب سے گاڑیوں کے ریفرنس پر سماعت ہوئی، یوسف رضا گیلانی نے نیب اور احتساب عدالت کے دائرہ اختیار کو چیلنج کردیا۔عدالت میں وکیل یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ترمیم کے بعد احتساب عدالت اور نیب کا دائرہ اختیار ختم ہو چکا، احتساب عدالت کے جج عابد سجاد نے یوسف رضا گیلانی کی درخواست پر نیب کو نوٹس جاری کردیا، نیب آگاہ کرے کہ درخواست پر کیا کہتا ہے۔احتساب عدالت نے دائرہ اختیار کی درخواست پر 26 ستمبر تک سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ 49

ہوا انہوں نے لفٹ کے آپریٹر کے زیر نگرانی چیچنی اور گاڑی واپس کے لیے 5 لاکھ 10 ہزار روپے طلب کیے گئے۔

بقیہ 50

ساعت کی۔شیخ رشید احمد اپنے وکلاء سردار معروف اور آمنہ علی کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔سردار معروف ایڈووکیٹ نے کہا کہ وکلاء نے ہڑتال کی کال دی ہے، سماعت ملتوی کی جائے۔وکلاء کی استدعا پر عدالت نے کیس کی سماعت 14 اکتوبر تک ملتوی کردی۔سماعت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ یہ پہلا موقع ہے کہ میں آج کسی سے رابطے میں نہیں، تین دفعہ کہا گیا تھا کہ یہ 30 کے 40 دن کا چلہ ہے۔شیخ رشید نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے بات کرتے ہوئے دیکھنا، جب پاکستان میں پی ٹی آئی کا سربراہ بھی ہوسکتا ہے شیخ رشید نے کہا کہ یہ جمہوریت ہے، اس کو سنبھالنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 51

بھائی کی سربراہی میں 2021ء میں درج کیا گیا تھا۔ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کیلئے کارروائیاں جاری ہیں، اشتہاریوں کو ان کے جرائم کے مطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 52

سامان بھی چھینا گیا۔پی ٹی آئی کے گرفتار رہنماؤں کو آج اسلام آباد کی عدالتوں میں پیش کیے جانے کا امکان ہے، اسلام آباد کچہری میں ہائی سیکیورٹی بھی فراہم کی گئی ہے۔عدالت کے باہر اسلام آباد پولیس کے اہلکار اور افسران بھی موجود ہیں۔

بقیہ 53

لائن پورٹل پر رجسٹریشن کروائیں گے، کامیاب ہونے والے صارفین کو 12 اقساط کا موقع دیا جائے گا، عوامی سطح پر سولر پینلز کی قیمت کی ادائیگی کی صورت میں وصول کی جائے گی۔معاہدے کی تفصیلات کے مطابق بتایا گیا ہے کہ حکومت کے ساتھ معاہدہ کرنے والی کمپنیاں خود کو پرائیویٹ کمپنیوں کی تبدیلی کریں گی۔نیشنل انرجی ایفیشنسی اینڈ کنزرویشن اتھارٹی اور انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن کمپنیوں کے درمیان معاہدہ ہوگا۔

THQ ہسپتال گوجر خان کو CT سکین مشین کا تحفہ

نئی مشین، جنریٹر، یو پی ایس اور 55 سٹرا پلیٹس محکمہ ہیلتھ پنجاب کی جانب سے THQ MS ہسپتال گوجر خان نے وصول کر لیں

ٹی ٹی سکین مشین کو جلد ہی فنکشنل کیا جائے گا عوامی حلقوں کا علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی پر پنجاب حکومت کا اظہار تشکر

گوجر خان (قمر شہزاد) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجر خان کو پنجاب حکومت اور محکمہ ہیلتھ کی جانب سے بڑا تحفہ مل گیا شہریوں کی علاج معالجے کی دشواریوں کو مدنظر رکھتے ہوئے وزیر صحت پنجاب نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجر خان کو پنجاب حکومت اور محکمہ ہیلتھ کی جانب سے مین ویجن ایس اور ساتھ میں 55 سٹرا پلیٹس فراہم کیں جنکو اہم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر سرد کیانی کے حوالے کر دیا گیا سٹرا پلیٹس لگانے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے جبکہ ٹی ٹی سکین کی مشین کی تنصیب اور تجربے کا عمل جلد ہی شروع کیا جائے گی جلد ہی کام (بقیہ نمبر 26)

پنجاب: ڈینگی کے مزید 22 کیسز سامنے آ گئے

راولپنڈی سے 18 لاہور، پاکپتن، مظفر گڑھ اور لودھراں سے بھی 1، 1 مریض رپورٹ

لاہور (این این آئی) صوبہ پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈینگی کے مزید 22 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ محکمہ صحت پنجاب کے ترجمان کے مطابق رواں سال اب تک ڈینگی 4 8 6 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔ راولپنڈی سے ڈینگی 18 جبکہ لاہور اور پاکپتن سے 1، 1 کیس رپورٹ ہوا ہے۔ مظفر گڑھ اور لودھراں (بقیہ نمبر 27)

ایک خاتون موٹر سائیکل سوار اپنی منزل کی جانب گامزن ہے

راولپنڈی کے بازار میں شہری سے 48 لاکھ لوٹ لیے گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے آرائے بازار میں ڈکیتی کی واردات کے دوران شہری سے 48 لاکھ روپے لوٹ لیے گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق موٹر سائیکل سوار نامعلوم ملزمان نے کار سوار کو لوٹ لیا اور 48 لاکھ کی رقم لے کر فرار ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈکیتی کے واقعے کے بعد پولیس کی مدد کی غرض موقع پر پہنچ گئی۔

شانگلہ میں جیپ کھائی میں گرنے سے 4 افراد جاں بحق

شانگلہ (این این آئی) شانگلہ کی تحصیل پٹن کے علاقے خدنگ میں جیپ کھائی میں گرنے سے 4 افراد جاں بحق اور دو زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق زخمیوں کو پٹن تحصیل ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جیپ کے کھائی میں گرنے کی وجہ تاحال معلوم نہیں ہو سکی، تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

رات 3 بجے پارلیمنٹ کی بتیاں بند کر کے کالے شیشوں والی گاڑیاں ممبران کو لے گئیں: زرقا تیمور وردی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی نیلیز ڈاکٹر زرقا تیمور وردی کے سینیٹ فنکشنل کمیٹی میں تحریک انصاف کے رہنماؤں کی گرفتاریوں کا معاملہ اٹھا دیا۔ انہوں نے سینیٹ فنکشنل کمیٹی میں پی ٹی آئی رہنماؤں کی گرفتاریوں کا معاملہ اٹھاتے ہوئے کہا کہ گزشتہ رات جو پارلیمان میں ہوا ایسے تو دہشت گرد پکڑے جاتے ہیں۔ جنیٹر پر سن کمیٹی نمبر 2 ہزرہ کے کمرے میں کمیٹی میں آنے سے قبل تصدیق کی کہ یہ وہ اندھیرا ہوا، پارلیمان کی عمارت میں کچھ نہیں ہوا۔ سینیٹر ڈاکٹر (بقیہ نمبر 30)

گرفتاری کیلئے راجہ بشارت اور شہریار ریاض کے گھروں پر چھاپے

پولیس نے سابق صوبائی وزیر کی رہائش گاہ و حویلی ہاؤس میں چھاپہ مار کر گھر کی تلاشی لی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں پولیس کے سابق صوبائی وزیر راجہ بشارت کی سابق رہائش گاہ و حویلی ہاؤس میں چھاپہ مار کر گھر کی تلاشی لی۔ اس موقع پر راجہ بشارت گھر پر موجود نہیں تھے۔ دوسری (بقیہ نمبر 28)

موسمیاتی پیشگوئیوں کیلئے جدید ریڈار خریدنے کا فیصلہ

5 فکسڈ ریڈار ملک کے مختلف حصوں میں لگائے جائیں گے

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے موسمیاتی پیشگوئیوں کے لئے جدید ریڈار خریدنے کا فیصلہ کر لیا۔ ڈائریکٹر جنرل محکمہ موسمیات ساجد حیات خان کے مطابق 5 فکسڈ ریڈار ملک کے مختلف حصوں میں لگائے جائیں گے جبکہ محکمہ موسمیات کو پورٹیبل سرفیس ریڈار بھی خریدے گا۔ ڈی جی محکمہ موسمیات نے بتایا کہ ریڈار خیبر پختونخوا کے شہروں چترال، ڈیرہ (بقیہ نمبر 29)



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور لڈ فرسٹ ایڈ ویک کے موقع پر شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

انتظامیہ سبزی منڈی میں بولی کا عمل اپنی نگرانی میں کروانے میں ناکام

اڑھتیوں کے کن نانے نرخ پھل سبزیاں دیہاڑی دار طبقے کی دسترس سے باہر سرکاری نرخنامے گوگراں فروشوں نے ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا

ضلعی انتظامیہ کی اپیلیاں گوجر خان کے مسائل میں دلچسپی رتی برابر نہیں مقامی انتظامیہ فیوٹو سیشن تک محدود عوامی حلقے

گوجر خان (قمر شہزاد) انتظامیہ فوٹو سیشن تک محدود گوگراں فروشی کے حوالے سے عملی کارکردگی مفروضے اڑھتیوں پر ہاتھ ڈالنے کے بجائے چھابڑی فروشوں کو بنا نے پریڈ مارکیٹ کمیٹی والے دفتر میں بیٹھ کر نرخنامہ جاری کر کے بری الذمہ ہونا کامل اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان یا مارکیٹ کا عملہ اپنی عجرانی میں کروانے میں بری طرح ناکام ہوتے دکانداروں کے مطالبے آڑھتی سن لانے رشیں پر پھل سبزیاں دینے (بقیہ نمبر 31)

6 برس سے مفرور خطرناک اشتہاری مجرم سعودی عرب سے گرفتار

اشتہاری مجرم کو سعودی پولیس کی مدد سے گرفتار کیا گیا، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس انٹیلی جنس سیل نے 6 برس سے مفرور خطرناک اشتہاری مجرم کو سعودی عرب سے گرفتار کر لیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق اشتہاری غلام عباس 2018 سے گوجرانوالہ پولیس کو خاتون کے اغوا اور اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب تھا۔ انٹیلی جنس بیورو کے انٹرپول سے رابطہ کیا گیا اور اشتہاری مجرم کو سعودی عرب سے گرفتار کر لیا۔ سعودی پولیس کے ساتھ تبادلہ کیا گیا۔ سعودی پولیس کے ساتھ قریبی رابطوں سے مجرم کو گرفتار کر لیا گیا، سعودی ٹیم نے پاکستانی مجرم کو ڈی (بقیہ نمبر 32)

ادارہ تحفظ ماحول پنجاب کا شمالی لاہور میں فلیگ مارچ

فلیگ مارچ نے ایجنسی کے آلودگی کے تدارک کے لیے متحرک کردار کو اجاگر کیا

لاہور (این این آئی) ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (ای پی اے) نے ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات لاہور جنرل انجاری زیر نگرانی شمالی لاہور میں فلیگ مارچ کا انعقاد کیا۔ جس کا مقصد آلودگی کے کنٹرول اور ماحولیاتی خلاف ورزیوں کے خلاف زیرو ٹرالرنس

پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم، خشک رہنے کا امکان

صوبے کے تمام دریاؤں ونڈی نالوں میں پانی کا بہاؤ نارمل سطح پر ہے، پی ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق مری راولپنڈی اٹک چکوال جہلم سیالکوٹ نارووال

5 ہزار میگاواٹ بجلی کی بچت ہوگی، ملک بھر میں 100 واٹ بجلی لینے والے کو 50 واٹ کے پنکھوں سے تبدیل کیا جائے گا

پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنوں کیخلاف ایف آئی آر درج

شعیب شاہین، عامر مغل سمیت 70 سے زائد رہنماؤں اور کارکنوں کو نامزد کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف اسلام آباد کے تھانہ نون میں ایف آئی آر درج کر لی گئی۔ انسداد دہشت گردی ایکٹ کی دفعات 11 دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا جس میں شعیب شاہین، عامر مغل سمیت 70 سے زائد رہنماؤں اور کارکنوں کو نامزد کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے متن مطابق ملزمان نے 26 نومبر 2024ء کو پی ٹی آئی کے رہنماؤں اور کارکنوں کے ہمراہ اسلام آباد میں پولیس پر حملہ کیا، ڈنڈوں، پتھروں سمیت راڈ سے پولیس اہلکاروں کو زخمی کیا گیا۔ مقدمے میں کہا گیا ہے کہ سرکاری گاڑی کے شیشے توڑے گئے اور پولیس اہلکاروں کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دی گئیں اور ان سے سرکاری (بقیہ نمبر 52)

لاہور کے علاقے ڈیفنس کرنے والی ڈیزائنر عمارت ملبے تلے دب کر دو افراد جاں بحق ہو گئے

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035

اخراجات کو مدنظر رکھتے ہوئے گیس ٹیرف اور روٹی کے نرخ طے کئے جائیں

کمرشل گیس ٹیرف 3900 فی ایم بی یو کی ادائیگی کے ساتھ روٹی 14 روپے پر فروخت کرنا محال ہو گیا

تندور کے ریٹس ریسٹورنٹس پر لاگو کرنا زیادتی ہے، صدر راولپنڈی ریسٹورنٹس، کیٹرز سوسیٹی ایسوسی ایشن

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) صدر راولپنڈی ریسٹورنٹس، کیٹرز سوسیٹی ایسوسی ایشن محمد فاروق چیمہ نے اپنے اہم بیان میں بتایا کہ ایسوسی ایشن کے سرپرست اعلیٰ چوہدری محمد تبسم کے اعلیٰ عدلیہ کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے ریسٹورنٹس پر روٹی کے ریٹس مقرر کرنے کے کیس پر ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر چوہدری زاہد محمود کے ہمراہ سیکرٹری انٹرنیٹ کامرس انوسٹمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ (بقیہ نمبر 3 4)

شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں بھارت کا وفد پاکستان بھیجنے سے انکار

اسلام آباد (این این آئی) شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے تجارت کے اجلاس میں بھارت نے اپنا وفد پاکستان بھیجنے سے انکار کر دیا۔ ایس سی او وزرائے تجارت کا اجلاس 12 ستمبر کو اسلام آباد میں ہوگا۔ ذرائع نے بتایا کہ بھارت کی جانب سے میٹنگ میں آن لائن شرکت کا متبادل دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ ایس سی او وزرائے تجارت کے اجلاس میں عارضی کشمرکت کی دعوت دی گئی تھی۔

ملک بھر میں اخبار بینی کا قومی دن 25 ستمبر کو منایا جائے گا

فوٹو: (این این آئی) ملک بھر میں اخبار بینی کا قومی دن 25 ستمبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد سوشل میڈیا کی یلغار میں اخبارات کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ اس سلسلے میں لیٹل آباد سمیت ملک بھر میں مختلف سماجی تنظیموں کی جانب سے تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ ملک بھر میں چوبیس گھنٹے کی لیٹل ویژن نشریات اور ڈیجیٹل میڈیا کے باوجود اخبارات کی خبروں کو ہی سب سے قابل بھروسہ ذریعہ مانا جاتا ہے، فیک نیوز اور منفی پروپیگنڈے کیلئے سوشل میڈیا سب سے بڑا ہتھیار ثابت ہو رہا ہے، ایسے میں سوشل (بقیہ نمبر 5)

قصور: ڈپٹی کمشنر اور کنگز پب حیدر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایک مشیر کی جگہ دوسرا لگانا درست ہے مگر سمری میں اس کی وضاحت نہیں تھی

خیبر پختونخوا کابینہ میں ردوبدل کے حوالے سے 26 اگست کو کوئی سمری موصول نہیں ہوئی

پشاور (این این آئی) ذرائع گورنر ہاؤس خیبر پختونخوا کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے ایک مشیر کو ہٹا کر دوسرے کو لگانا درست ہے مگر پچھلی سمری میں اس کی وضاحت نہیں تھی اس لیے اعتراض لگا کر واپس بھیجا گیا۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا کابینہ میں ردوبدل کے حوالے سے 26 اگست کو کوئی سمری موصول نہیں ہوئی، ستمبر کے پہلے ہفتے (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی میں 397 ان فٹ گاڑیاں بند کر دی گئیں

3143 پبلک سروس گاڑیوں کے چالان کیے گئے، قانون کی خلاف ورزی پر 33 لاکھ 82 ہزار روپے کے جرمانے

شہر بھر میں پبلک سروس گاڑیوں کی فٹنس، روٹ پرمٹ اور لائسنس چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے، سی پی او سید خالد ہمدانی

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور لڈ فرسٹ ایڈ ویک کے موقع پر شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت کے مطابق پبلک سروس گاڑیوں کی فٹنس، روٹ پرمٹ اور لائسنس چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت کے مطابق 5 اگست کے دوران 397 ان فٹ گاڑیاں بند کر دی گئیں 3143 پبلک سروس گاڑیوں کے چالان کیے گئے، قانون کی خلاف ورزی پر 33 لاکھ 82 ہزار روپے کے جرمانے کئے گئے، غیر لائسنس گاڑی چلانے والے 239 ڈرائیوروں کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی، غلط کے مرتکب 24 ڈرائیوروں کے لائسنس (بقیہ نمبر 7)

لفٹ کے کشمری سے گاڑی چھیننے والے دو ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صدر بیدڑی پولیس کی کارروائی کے دوران لفٹ کے کشمری سے گاڑی چھیننے والے 02 ملزمان گرفتار کر لئے گئے جن کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کی چھینی گئی کار اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیدڑی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے لفٹ کے کشمری سے گاڑی چھیننے والے 02 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں فرحت اور نعمان شامل ہیں، ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کی چھینی گئی کار اور اسلحہ برآمد (بقیہ نمبر 49)

اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب نامزد اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گوجر خان پولیس کی ایک کارروائی میں اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب نامزد اشتہاری مجرم گرفتار کر لیا گیا، اشتہاری مجرم نے ساتھیوں سمیت فائرنگ کر کے فرحان کو زخمی کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ تھانہ کے (بقیہ نمبر 51)

صوبائی وزیر اطلیتی امور مریش سنگھا روڈ سے یورپی یونین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

چار ملزمان گرفتار ساڑھے سات کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران چار ملزمان گرفتار کر کے قبضے سے ساڑھے 07 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ملزم یاسر سے 02 کلو 500 گرام چرس، آرائے بازار پولیس نے ملزم عرفان سے 02 کلو 100 گرام چرس، ریہ امرال پولیس نے ملزم ایوب خان سے 01 کلو 640 گرام چرس (بقیہ نمبر 4)

ایک آرٹسٹ خاتون الحمراء کے فن میں بیٹھ کر پانسری بجا رہی ہے

اپولیس ہومی سائیڈ انوسٹی گیشن یونٹ پولیس ٹیم کی موثر کارروائی

ڈکیتی کی واردات کے دوران مزاحمت پر دکاندار کو قتل کرنے والے دو ملزمان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس ہومی سائیڈ انوسٹی گیشن یونٹ پولیس ٹیم کی موثر کارروائی کے باعث تھانہ مس کالونی کے علاقہ میں ڈکیتی کی واردات کے دوران مزاحمت پر دکاندار کو قتل کرنے والے دو ملزمان گرفتار کر لئے گئے۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے واردات میں استعمال ہونے والے دو عدد موٹر سائیکل، تین عدد پستول اور چھینے گئے مختلف کاغذات دفتری برآمد۔ گرفتار ملزمان کے خلاف تھانہ مس کالونی میں متعدد مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی (بقیہ نمبر 4)

ٹریفک بہاؤ میں رکاوٹ بننے والی گاڑیوں کیخلاف کارروائی

رواں سال کے دوران 21 ہزار سے زائد گاڑیوں کے چالان کئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کی حد سے زیادہ وزن اور ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ بننے والی گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے۔ رواں سال کے دوران 21 ہزار سے زائد حد سے زیادہ وزن والی گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی کے تحت چالان جاری کیے گئے، حد سے زیادہ وزن اور ٹریفک میں رکاوٹ کے باعث بننے والی گاڑیوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 2)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول نوشہرہ میں یوم دفاع تقریب کا انعقاد

میجر (ر) مشتاق احمد ملک اور مسز فرحت مشتاق بطور مہمان خصوصی مدعو ہوئے

نوشہرہ وادی سون (ثمامہ کھوکھر) گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول نوشہرہ (وادی سون) ضلع خوشاب میں یوم دفاع کی تقریب منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں جناب میجر (ریٹائرڈ) مشتاق احمد ملک اور مسز فرحت مشتاق (ریٹائرڈ) پرنسپل گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول نوشہرہ (وادی سون) مہمان خصوصی مدعو تھے۔ یہ سمر کی ابتدا تلاوت کلام پاک سے ہوئی۔ (بقیہ نمبر 36)

نیک اولاد صدقہ جاریہ ہے، سید مواہب لعل گیلانی

اولاد کی اچھی تربیت سے والدین کو دنیا و آخرت میں اجر ملتا ہے،

گوجر خان (قمر شہزاد) پیر سید محمد مواہب لعل گیلانی آستانہ عالیہ غوثیہ غوث آباد شریف میں منعقدہ محفل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیک اولاد جو بھی نیک عمل سرانجام دے گی اس کا اجر اس کے والدین کو ضرور ملے گا اگر یہ اولاد سے اس کی نیت نہ بھی کی (بقیہ نمبر 37)

نبی پاک کی بچپن کی زندگی بچوں کے لئے مشعل راہ ہے

اندھیرا لڑائی جھگڑے نہیں علم کی شمع روشن کرنے سے ختم ہوگا

راولپنڈی (مہرالرحمان) ہمدرد نونہال سیرت کانفرنس میں طلباء سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی سفیر (من فذہبی اسکالر طالبہ پیر سید اظہار بخاری نے کہا کہ نبی پاک کی بچپن کی زندگی بچوں کے لئے نونہال سیرت میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے نونہال سیرت انٹیجی کورنمیٹی کا حصہ بنائیں۔ تعلیم و تربیت سے تہذیب آتی ہے اور تہذیب یافتہ قوموں کو غلام طلباء اپنا سمتقبل روشن کرنے کے لئے مشعل راہ ہے۔ طلباء علم کی طاقت سے ہی پوری دنیا میں اس قائم کر سکتے ہیں۔ چودہ سالہ قدیم اسلام ہی ہمیں روشن خیال بنا سکتی ہے۔ اندھیرا لڑائی جھگڑے نہیں علم کی شمع روشن کرنے سے ختم ہوگا۔ اظہار بخاری نے کہا قرآن امن بک (بقیہ نمبر 38)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی

15 ملزمان گرفتار، اسلحہ اور ایمونیشن برآمد، مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی، 15 ملزمان گرفتار، اسلحہ اور ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق صدر راولپنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 15 ملزمان گرفتار کر لیے۔ گرفتار ملزمان میں عبیداللہ سے 01 ٹوٹل 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم اسٹیل سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم شبیب سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم حسنین سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم جہانزیب سے 01 پستول 30 بور معہ (بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی پولیس کا فائرنگ کیس میں مطلوب ملزم گرفتار

چونترہ پولیس کی کارروائی، مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) چونترہ پولیس کی ایک کارروائی کے دوران دوبرے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق چونترہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دوبرے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم چاکیزہ خان کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم چاکیزہ خان کی ایما پر اس کے ساتھیوں نے ضمیر اور اعظم کو قتل کر دیا تھا، واقعہ زمین کے تنازعہ کی وجہ سے پیش آیا تھا جس کا مقدمہ (بقیہ نمبر 3)

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) ضیر آباد پولیس کی کارروائی، سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 03 رکنی گینگ گرفتار کر لیا، مسروقہ موٹر سائیکل اور رقم 24 ہزار روپے بھی برآمد کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ضیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 03 رکنی گینگ گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں اسامیل، شعیب اور عمران شامل ہیں، ملزمان کے قبضہ سے موٹر سائیکل اور رقم 24 ہزار روپے برآمد ہوئے، ملزمان سے (بقیہ نمبر 5)

6 برس سے مفرور خطرناک اشتہاری مجرم سعودی عرب سے گرفتار

اشتہاری مجرم کو سعودی پولیس کی مدد سے گرفتار کیا گیا، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس انٹیلی جنس سیل نے 6 برس سے مفرور خطرناک اشتہاری مجرم کو سعودی عرب سے گرفتار کر لیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق اشتہاری غلام عباس 2018 سے گوجرانوالہ پولیس کو خاتون کے اغوا اور اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب تھا۔ انٹیلی جنس بیورو کے انٹرپول سے رابطہ کیا گیا اور اشتہاری مجرم کو سعودی عرب سے گرفتار کر لیا۔ سعودی پولیس کے ساتھ تبادلہ کیا گیا۔ سعودی پولیس کے ساتھ قریبی رابطوں سے مجرم کو گرفتار کر لیا گیا، سعودی ٹیم نے پاکستانی مجرم کو ڈی (بقیہ نمبر 32)

ادارہ تحفظ ماحول پنجاب کا شمالی لاہور میں فلیگ مارچ

فلیگ مارچ نے ایجنسی کے آلودگی کے تدارک کے لیے متحرک کردار کو اجاگر کیا

لاہور (این این آئی) ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (ای پی اے) نے ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات لاہور جنرل انجاری زیر نگرانی شمالی لاہور میں فلیگ مارچ کا انعقاد کیا۔ جس کا مقصد آلودگی کے کنٹرول اور ماحولیاتی خلاف ورزیوں کے خلاف زیرو ٹرالرنس

پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم، خشک رہنے کا امکان

صوبے کے تمام دریاؤں ونڈی نالوں میں پانی کا بہاؤ نارمل سطح پر ہے، پی ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق مری راولپنڈی اٹک چکوال جہلم سیالکوٹ نارووال

فوری ضرورت

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com